# فہرست کتب

## دارالاشاعت متعلقہ تہذیب نسواں و پھول

جس میں

علاوہ ہر قسم کی کتب چیدہ و تصانیف جدیدہ کے

لڑکیوں اور بچوں کے کام کی عمدہ تریں کتابیں

پاکیزہ خیالات اور مفید و کار آمد معلومات سے بھری ہوئی

خصوصیت سے جمع کی گئی ہیں

۱۹۱۴ء

ضروری یادداشت:۔ رعایتی قیمت سے فایدہ اٹھانا چاہتے ہو تو آخری صفحہ دیکھو

Taj Tahir Foundation

# فہرست کتب

۱- **فتح الحمید** - یہ سب سے نیا با محاورہ اور سلیس ترجمہ قرآن مجید کا ہے جو مولوی فتح محمد خاں جالندھری نے کیا ہے - اس ترجمہ میں نہ مولانا نذیر احمد خان صاحب کے ترجمہ کی طرح بلا ضرورت طول دیا گیا ہے - نہ دوسرے ترجموں کیطرح اختصار کیا گیا ہے - بلکہ جتنا عربی میں کلام الٰہی ہے - اتنا ہی اُردو میں اس کا ترجمہ ہے - مترجم نے بہت قابلیت - محنت اور عرقریزی سے کام لیا ہے - رفاہ عام پریس لاہور میں بہت صفائی سے ولایتی کاغذ پر چھاپا گیا ہے - عربی اور اُردو ترجمے کی مطابقت کے لئے ہر جگہ آیتوں کے نمبر بھی دیدیئے ہیں - حجم ۹۶۰ صفحے تقطیع کتابی - تہذیب نسواں سے ذرا بڑی - ہدیہ فی نسخہ سادہ ہے حنا شدہ زرد ہے

۲- **ترجمہ قرآن** - از مولانا نذیر احمد خاں - اس ترجمے کی خوبیاں محتاج بیان نہیں - اس کو پڑھکر تفسیر کی ضرورت نہیں رہتی - یہ کئی قسم کا ہے - حسب ذیل :-

کلاں تقطیع - موٹا قلم . . . . . ے/

کتابی تقطیع ایک صفحہ پر عربی - ایک پر اُردو مثل کتاب کے . . . . . ہے

حمائل خورد - ایک صفحہ پر عربی ایک پر اُردو . . . . . عہ

۳- **ارشادات القرآن** - قرآن مجید کی اُن تمام آیات کا جن میں احکام بیان فرمائے گئے ہیں - اُردو سلیس با محاورہ ترجمہ - بلا عربی عبارت کے چھوٹی تقطیع ۸ر

Taj Tahir Foundation

**۴- ثبوت واجب الوجود** - اس رسالہ میں خدا تعالیٰ کی ہستی کو نہایت مضبوط منطقی دلائل سے قدیم عالمانہ روش پر مگر کسی قدر آسان طریق سے ثابت کیا ہے - مادہ کے قدیم ہونے کو فلسفیانہ دلائل سے رد کیا ہے - اور ثابت کیا ہے - کہ یہ نہیں ہو سکتا - کہ دنیا از خود ہمیشہ سے موجود چلی آتی ہو - معمولی کاغذ پر - قیمت . . . . . . ۳ر

**۵- رد الملاحدہ** - حضرت امام غزالیؒ کے ایک مختصر نایاب رسالے کا ترجمہ ہے - امام صاحب سے دہریوں نے پوچھا - کہ خدا تعالیٰ تو ہر چیز سے مستغنی ہے پھر ہم کو عبادت کا حکم دینے کی اسے کیا احتیاج تھی - اور اگر اس نے یہ حکم صرف ہماری بھلائی کے لئے دیا - تو کیا وہ قادر مطلق ہو کر اتنی طاقت نہ رکھتا تھا - کہ بے عبادت کے ہم کو نجات دیدیتا - ان اعتراضوں کا جواب امام صاحب نہایت عمدگی اور سادگی سے دیا - مع حواشی مفیدہ از مولوی سید ممتاز علی صاحب - ان حواشی میں عذاب و ثواب آخرت کی حقیقت بیان کی گئی ہے - قیمت . . . . . . ۳ر

**۶- حجۃ اللہ البالغہ** - یہ اسرار دین میں حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی بینظیر کتاب ہے - نواب صدیق حسن اس کتاب کی نسبت لکھتے ہیں :

کہ مثل آں دریں دوازدہ صد سال ہجرت ہیچ یکے از علمائے عرب و عجم تصنیفے موجود نیامدہ و فی الواقع بیش ازاں ست کہ وصفش تواں نوشت -

یہ کتاب اب تک عربی زبان میں تھی - اب اس کا بامحاورہ ترجمہ زبان اردو میں کیا گیا ہے - صفحہ ۲۶۰ قیمت فی جلد . . . . . . ۱۲ر

**۷- علم الکلام** - اس کتاب میں علم الکلام کی ابتداء اور اس کے عہد بہ عہد وسعت - ترقی اور تغیرات کی نہایت تفصیلی تاریخ اور علم کلام کے تمام شعبوں

کی شرح تقریظ ہے۔ از شمس العلما مولانا شبلی۔ قیمت . . . . . ۴ر

۸۔ **دعوت الحق** ۔ جدید فلسفہ کے مذاق سے جو لوگ اسلام پر اعتراضات کرتے ہیں۔ اِس کتاب میں سے اون کے جوابات دئے گئے ہیں۔ طرز تحریر نہایت سادہ ہے۔ جسے اردو خوان نہایت آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ وجود خدا اور حدوث مادہ کے متعلق نہایت تفصیل سے بحث ہے۔ قیمت ۸ر

۹۔ **تحقیق جلیل** یعنی اسرار التنزیل۔ حضرت امام فخرالدین رازی کی کتاب کا ترجمہ علوم دین۔ خدا تعالےٰ کی ہستی کی دلائل۔ ارواح انسانی وغیرہ کے مباحث ہیں نایاب کتاب ۱۸۶ صفحے قیمت . . . . . ۹ر

۱۰۔ **تقلید اور عمل بالحدیث** ۔ یہ رسالہ نواب محسن الملک مولوی سید مہدی علی خان بہادر مصنف آیات بینات کی فاضلانہ تصنیفات سے ہے اس میں مذاہب اربعہ کے جاری ہونے سے پہلے کا حال۔ ان مذاہب کی بنیاد پڑنے کا سبب۔ اُن کے باہمی اختلاف۔ اجتہاد اور عمل بالحدیث میں فرق اور ان کی نسبت فاضل مصنف کا قول فیصل نہایت تحقیق کے ساتھ لکھا ہے۔ ۱۱۶ صفحے قیمت . . . . . ۶ر

۱۱۔ **عقاید اہل سنت وجماعت** ۔ اسلامی عقیدوں کی تفصیل اور اُن کی مختصر آسان دلیلیں۔ از حضرت امام غزالیؒ۔ . . . ۱۰ر

۱۲۔ **قصص الانبیا کامل** ۔ تمام انبیا کے حالات اردو زبان میں حضرت آدم سے لے کر خاتم الانبیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک ۵۷۶ صفحے قیمت ۱۲ر

۱۳۔ **نفائس القصص والحکایات** ۔ قرآن مجید میں انبیاء سابقین کے جس قدر قصے بیان کئے گئے ہیں۔ انہیں اس چھوٹی سی کتاب میں جمع کر دیا ہے اور نہایت سلیس اردو میں لکھا ہے بچوں کیلئے مفید ہے چھوٹی تقطیع قیمت ۶ر

دوسرا حصہ

۱۴۔ **سوانح عمری آنحضرتؐ**۔ یہ کتاب جناب رسول خدا صلعم کے
زندگی کے حالات اور واقعات ہیں۔ جو برہمو مذہب کے ایک نیک دل نیک
نیت مشنری نے لکھے ہیں۔ اور آپ کے زندگی کے ہر واقعہ کی صداقت پر شہادت
دی ہے۔ نہایت دلچسپ اور مفید کتاب ہے۔ اس قابل ہے۔ کہ مسلمانوں
کے لڑکے لڑکیاں اسے پڑھیں اور ہر مسلمان کے گھر میں ہو۔ قیمت . . . . . ۵ر

۱۵۔ **پیارے نبی کے پیارے حالات**۔ یہ کتاب بھی آنحضرت صلعم
کی سوانح عمری ہے۔ جس میں آپ کی بشارتیں بھی جو توریت و انجیل میں آئی ہیں
تفصیل سے دی گئی ہیں۔ اور عیسائیوں کے اعتراضوں کا جواب بھی دیا گیا ہے۔
از مولوی فیروز الدین ڈسکوی۔ ۳۲۰ صفحے قیمت . . . . . عہر

۱۶۔ **رحمت للعلمین**۔ سیرۃ نبوی میں تازہ ترین تصنیف ہے۔ جناب
سرور کائنات کے حالات بہت تحقیق اور بے انتہا خوبی سے بیان کئے گئے ہیں۔ اُردو
زبان میں یہ بہترین سیرۃ نبوی ہے۔ بڑی عمر کے لڑکے لڑکیوں کے واسطے
نہایت مفید ہے۔ ہر مسلمان کے گھر میں اس کا ایک نسخہ ہونا چاہئے۔ بہت عمدہ
کاغذ پر بڑے اہتمام سے چھاپی گئی ہے۔ از قاضی محمد سلیمان صاحب ۳۱۶ صفحے کے عمر

۱۷۔ **تاریخ حبیب اللہ**۔ جناب پیغمبر خدا صلعم کے حالات میں مشہور کتاب
ہے۔ از مفتی محمد عنایت احمد صاحب۔ معمولی کاغذ پر ۲۰۴ صفحے قیمت ۷ر

۱۸۔ **تاریخ اسلام**۔ جس میں ایام جاہلیت کے حالات۔ جناب سرور کائنات
کی سوانح عمری۔ عہد خلافت کے حالات اور فتوحات کا مفصل ذکر ہے۔ خلفاء
بنی امیہ و عباسیہ۔ جنرل طارق حضرت خالد کی فتوحات۔ اسلام افریقہ۔ اور
یوروپ میں۔ اسپانیہ میں مسلمانوں کے شاندار کارنامے۔ وغیرہ مضامین
پر لکھی گئی ہے۔ از آنریبل سید امیر علی صاحب۔ ولائتی کاغذ ۴۰۴ صفحے۔ عگ ۸ر

**۱۹- زیور ایمان** - اردو زبان میں نہایت مشہور مولود شریف ہے۔ جو خاص خاص مستورات کے واسطے زنانہ بول چال میں تصنیف کیا گیا ہے۔ اور موٹے قلم سے لکھا گیا ہے۔ کہ لڑکیاں اسے آسانی سے پڑھ سکیں۔ مجلس مولود شریف میں پڑھنے کے لئے نہایت موزون ہے ۲۴ صفحے قیمت . . . . . ۴ر

**۲۰- مولود شریف شہید** - تصنیف مولوی غلام امام شہید مقبول عام کتاب ہے۔ اور شوق و ذوق سے پڑھی جاتی ہے۔ مع قصہ حضرت بلال و قصہ حلیمہ سعدیہ وغیرہ۔ قلم جلی۔ قیمت . . . . . . ۴ر

**۲۱- ذکر جمیل** - یعنی مولود شریف از مولوی حبیب الرحمن شروانی جس میں کوئی غیر معتبر و غیر مستند روایت بیان نہیں کی گئی۔ عمدہ چھپائی ہے۔ قیمت ۴ر

**۲۲- خدا کی رحمت** - یہ مختصر سا مولود شریف ہے۔ جس میں جناب پیغمبر خدا صلعم کے صرف بچپن کے حالات مذکور ہیں۔ اور آپ کا حلیہ شریف مفصل بیان کیا گیا ہے۔ ۳۲ صفحے معمولی کاغذ مطبوعہ نولکشور قیمت ۲ر

**۲۳- نبی جی کی خوشی** - میلاد شریف کا چھوٹا سا رسالہ جو عورتوں اور بچوں کے پڑھنے کے قابل ہے۔ قیمت . . . . . . ۱ر

**۲۴- معجزات محمدیہ** - حدیث کی معتبر کتابوں میں سے معجزات منتخب کرکے پھر انہیں باب وار مرتب کیا ہے۔ قیمت . . . . ۵ر

**۲۵- جواب امہات المومنین** - یہ جواب سر سید احمد خاں کا لکھا ہے وہ اپنی وفات سے چار روز پہلے تک یہ رسالہ لکھ رہے تھے کہ اسی اثناء میں رحلت فرمائی۔ نہایت مدلل اور معقول جواب ہے۔ قیمت . . . . . ۴ر

**۲۶- مجموعہ وفات نامہ** - جس میں شامل وفات نامہ۔ حلیہ شریف۔ قصہ حضرت بلال۔ قصہ حلیمہ سعدیہ۔ موت نامہ۔ قصیدہ نعتیہ مطبع نولکشور ۔ر

۲۷۔ **معجزہ آل نبی**۔ حضرت مولےٰ علی کی سخاوت کا قصہ۔ اور حسنین علیہما السلام کے معجزے سے ایک یہودی لڑکی کا جو بشکل مضغہ گوشت تھی۔ انسان کے صورت میں آجانا۔ اور یہودی کا مشرف باسلام ہونا مطبع نولکشور۔ قیمت . . . ۔/

۲۸۔ **نور نامہ کلاں**۔ نظم میں نور محمدی کا بیان مطبوعہ نولکشور۔ قیمت ۳/

۲۹۔ **ذکر الشہادتین**۔ واقعات کربلا کو پر درد مضامین میں ادا کیا ہے موقع موقع پر موثر نظمیں بھی ہیں۔ ۱۶۰ صفحے مطبوعہ نولکشور . . . . /

۳۰۔ **تقریر الشہادتین**۔ یعنی ترجمہ سر الشہادتین از مولانا شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی تحقیق واقعات کربلا میں مستند و صحیح روایات سے۔ ۱۰۸ صفحے مطبوعہ نولکشور ۳/

۳۱۔ **تذکرۃ الاولیاء**۔ مولانا فرید الدین عطار کی کتاب کا اردو ترجمہ ۲۰۰ صفحے کی ضخیم کتاب جس میں قریب ایک سو اولیاء اللہ کا تذکرہ اور اُن کی پاک زندگی کے قصے ہیں۔ دینداری کا خزانہ۔ قیمت . . . . . . ۱۲/

۳۲۔ **کشف المحجوب**۔ حضرت مخدوم علی ہجویری عرف حضرت داتا گنج بخش صاحب کی بے نظیر تصنیف جس میں تصوف کے اعلےٰ مسائل۔ کرامت۔ ولایت۔ نبوت کی بحثیں بعض اولیاء اللہ و بزرگان دین کے اقوال و حالات ۷۶۴ صفحے قیمت ۱۲/

۳۳۔ **الحقوق والفرائض**۔ مولانا نذیر احمد خاں کی مشہور کتاب اسلامی زندگی کے نہایت جامع دستور العمل ہے۔ عقاید حقوق عباد اخلاق و آداب مطابق شریعت اسلامی۔ غرض انسان کے جملہ تعلقات و فرائض کے قرآن مجید و حدیث سے چن چن کر جمع کیا ہے۔ نہایت مفید کتاب۔ قیمت . . . . . . ۱۲/

۳۴۔ **اجتہاد**۔ از مولانا نذیر احمد خاں۔ اسلامی تعلیم کی صداقت و حقانیت کا ثبوت زبردست عقلی دلائل سے۔ نئے تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے اکسیر اور رہبر کامل ہے۔ قیمت فی جلد . . . . . . . . . ۔/

**۳۵ بہشتی زیور** - یہ کتاب مولوی حاجی محمد اشرف علی صاحب تھانوی نے عورتوں کے لئے سلیس اردو میں لکھی ہے - ان کی رائے میں یہ کتاب ضروریات وآداب دین بلکہ بعض ضروریات معاش تک کو حاوی ہے - اسکے گیارہ حصے ہیں۔

حصہ اول حرف شناسی خط نویسی وضو ومسح کے مسائل ۰۳ ر

حصہ دوم غسل - نماز تجہیز وتکفین مردہ وغیرہ ۰۳ ر

حصہ سوم - روزہ - زکوٰۃ - قربانی قسم کھانا - لباس - پردہ وغیرہ کا بیان ۰۳ ر

حصہ چہارم - نکاح - طلاق - عدت - معاشرت - پرورش اولاد خرید وفروخت وغیرہ ۰۳ ر

حصہ پنجم - لین دین - رہن - وصیت - قواعد تلاوت قرآن - حقوق شوہر وغیرہ - پرورش اولاد - قرضہ - ۰۳ ر

حصہ ششم - ختنہ - منگنی - بیاہ - رسوم - خاندان نبوی کے نکاح ۰۳ ر

حصہ ہفتم - آداب - اخلاق - اور عذاب وثواب کی باتوں ہیں ۰۳ ر

حصہ ہشتم - پیغمبران - ازواج مطہرات - اہل بیت کی دوسری بیبیوں کے حالات ۰۳ ر

حصہ نہم - حفظ صحت - کی تدابیر - علاج امراض - جھاڑ پھونک ۰۳ ر

حصہ دہم - تہذیب - انتظام خانہ داری - صنعت وحرفت - کھانوں کی ترکیبیں - حساب کتاب - قواعد ڈاکخانہ وغیرہ ۰۳ ر

حصہ گیارھواں - بہشتی گوہر - مفصل مسائل طہارت - نماز - غسل تجہیز وتکفین میت - بعض امراض کا علاج - مقوی دوائیں - ۰۳ ر

**۳۶ سلسلہ کتب اسلام** - اس میں ۱۴ کتابیں شامل ہیں - اسلام کی پہلی سے شروع کرکے اسلام کی چودھویں تک - ان کتابوں میں بتدریج تقریباً کل مسائل دین سلیس اردو میں بیان کردئے گئے ہیں - اوپر کی کتابوں میں مسائل

Taj Tahir Foundation

فقہ کے علاوہ عقاید دین اور قصص انبیا بھی لکھدیئے گئے ہیں۔ قیمت کل سلسلہ عہ؍

۳۷۔ **مفتاح الجنتہ**۔ ضروری مسائل دین جو ہر مسلمان مرد و عورت کو جاننے ضرور ہیں۔ از مولوی کرامت علی جونپوری۔ . . . . . . .

۳۸۔ **ترجمہ مالابدمنہ**۔ احکام شرعی و مسائل دین کی مستند کتاب۔ از قاضی ثناء اللہ پانی پتی ہیں۔ . . . . . . . . .

۳۹۔ **راہ نجات**۔ لڑکے لڑکیوں کیلئے مسائل دین کی چھوٹی سی آسان کتاب ۱؍

۴۰۔ **نماز مترجم**۔ نماز کے جتنے ترجمے آج تک ہوئے ہیں۔ ان سب کے الفاظ ایسے ہیں۔ جن سے صرف لڑکے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مثلاً اُن میں یہ فقرہ ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے۔ اس فقرے کو لڑکا ہی بول سکتا ہے۔ کوئی لڑکی یوں نہیں کہہ سکتی کہ میں گواہی دیتا ہوں۔ مگر اس ترجمے کو جو مولوی سید ممتاز علی صاحب نے لکھا ہے۔ لڑکیاں اور لڑکے سب پڑھ سکتے ہیں۔ اور سب کے لئے یکساں کارآمد ہے۔ مع چھ کلمہ و نماز جنازہ با ترجمہ۔ قیمت . . . ۱؍

۴۱۔ **حقیقۃ الصلوٰۃ**۔ مع رسالہ بے نمازاں۔ اس رسالے میں قیام۔ رکوع سجود اور جملہ امور متعلقہ نماز کے اصلی غرض بیان کر کے نماز کی حقیقت سمجھائی ہے۔ اور بے نمازی کی خرابیاں ظاہر کی ہیں۔ مطبوعہ نولکشور۔ قیمت . . . ۳؍

۴۲۔ **اسرار الصلوٰۃ**۔ یہ کتاب مختصر سا ایک جزو کا رسالہ ہے۔ جس میں نہایت سلیس سادہ روزمرہ کی بول چال میں یہ بتلایا گیا ہے۔ کہ جس طریقے سے نماز ادا کی جاتی ہے اس میں کیا کیا حکمتیں ہیں وضو کرنے سے کیا غرض ہے اور کپڑوں کو پاک رکھنے میں کیا فائدہ ہے۔ کھڑے ہونے اور جھکنے اور سجدہ کرنے میں کیا کیا حکمتیں ہیں۔ غرض اگر لڑکوں اور لڑکیوں کو نماز کے اسرار بتلانے چاہو۔ اور اس بات کی ضرورت سمجھو۔ کہ وہ نماز کو سمجھکر پڑھیں اور عبادت الٰہی سے

Taj Tahir Foundation

لطف اٹھائیں تو اُن کو یہ چند ورق ضرور پڑھاؤ قیمت . . . . . . ۱ر

۴۳۔ اسرار نماز۔ نماز پڑھنے کا مقصد اور اسکی اصل حقیقت جس سے نماز پڑھنے میں لطف ولذت حاصل ہو۔ مع نوافل ایام ہفتہ امام غزالیؒ کی تصانیف سے لیکر ترجمہ کیا گیا۔ قیمت . . . . . . . . . ۴ر

۴۴۔ سلسلہ دینیات۔ یہ سلسلہ بچوں کی تعلیم کے لئے نہایت مفید سات حصوں میں ہے کمیٹی دینیات مدرسۃ العلوم علیگڈھ نے ترتیب دیا ہے قیمت ہر ساتحصہ ۱۱ر

۴۵۔ لعد حمد۔ امامیہ مذہب کے مطابق نماز روزے کے مسائل نظم میں۔ بچوں کے یاد کرنے کے کام کا رسالہ ہے۔ مطبوعہ نولکشور قیمت . . . . . ۱ر

۴۶۔ کنوز الآخرۃ۔ بعد حمد کو جو پرانی زبان میں ہے دوبارہ فصیح زبان میں لکھا۔ حاشیہ پر فواید لکھے ہیں۔ امامیہ مذہب کے لئے مطبوعہ نولکشور قیمت . ۲ر

۴۷۔ تحفۃ العوام۔ امامیہ مذہب کی دینیات کی کتاب۔ جس میں عدل نبوت امامت۔ قیامت۔ احکام نماز روزہ۔ نیک وبد تاریخیں۔ اعمال۔ وسعت رزق۔ تسخیر محبت زن وشوہر وغیرہ کا بیان۔ مطبوعہ نولکشور قیمت . . . . . ۱۰ر

۴۸۔ گلزار جنت۔ جنت کی نعمتوں اور دوزخ کے عذابوں کا مفصل بیان جس پر عمل کرنے سے گلزار جنت ہاتھ آئے از مولوی محمد قطب الدین دہلوی ۶۸ صفحے ۲ر

۴۹۔ تنبیہ الغافلین۔ وعظ اور نصیحت کی کتاب ہے۔ جسمیں قیامت بہشت اور دوزخ کے بیان کے علاوہ نماز وتلاوت قرآن وروزہ وحج کے فضائل۔ ماں باپ۔ شوہر اور زوجہ کے حقوق۔ جھوٹ۔ غیبت اور سود کھانے کی برائی۔ نیک اخلاق۔ بدعات اور کلمات کفر وغیرہ کا بیان ہے۔ ۲۵۳ صفحے مطبوعہ نولکشور ۸ر

۵۰۔ نصیحت المسلمین۔ مسلمانوں میں جو شرک اور بدعت کی بلا ہر طرف پھیلی ہے۔ اس کی روک کے لئے یہ مختصر رسالہ لکھا گیا۔ قیمت . . . . . . ۱ر

۵۱۔ **تقویۃ الایمان** ۔ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب محدث دہلوی مرحوم نے توحید کی خوبیاں اور شرک وبدعت کی برائیاں آیات واحادیث کے رو سے بیان کی ہیں۔ پھر اتباع سنت کی تاکید کی ہے۔ درستی عقاید کے لئے بہت اچھی کتاب ہے ۹؍

۵۲۔ **اکسیر ہدایت** ۔ امام غزالی کی مشہور کتاب کیمیائے سعادت کا اردو ترجمہ ہے۔ جو درستی اخلاق۔ پاکیزگی قلب۔ ترقی ایمان۔ صفائی باطن کیلئے بے انتہا مفید ہے ۱۲؍

۵۳۔ **خزینۃ الاسرار** ۔ دربارہ توبہ واستغفار۔ ایسا کون انسان ہے جس سے گناہ سرزد نہ ہوتا ہو۔ اور جو گناہ کر کے عذاب دوزخ سے نہ ڈرتا ہو اس کتاب میں بتایا ہے۔ کہ گناہ کی معافی کے لئے کس طرح توبہ کی جائے۔ کہ آدمی عذاب دوزخ سے محفوظ رہے۔ ولایتی کاغذ نہایت عمدہ چھپائی۔ ۲۱۲ صفحے عہ؍

۵۴۔ **صبح کا ستارہ** ۔ یہ بہت مشہور کتاب ہے جسے لڑکیاں بہت شوق سے پڑھتی ہیں۔ اس میں نور محمدی اور آدم اور فرشتوں کی پیدائش کے بعد موت کا ذکر ہے۔ موت روح کو کس طرح لیتی ہے۔ جان نکلنے کے وقت شیطان کس طرح فریب دیتا ہے۔ مرنے کے بعد مردے کو جو آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ میت کی سختی۔ ماتم۔ اور نوحہ۔ منکر نکیر۔ عذاب قبر۔ روح کا گھر میں آنا۔ بعث وحشر بہشت ودوزخ کا ذکر مفصل کیا گیا ہے۔ مطبوعہ نولکشور قیمت . . . . . ۲؍

۵۵۔ **قیامت نامہ** ۔ اس میں قیامت کا حال۔ دجال کا نکلنا۔ حضرت عیسےٰ کا آسمان سے اترنا۔ امام مہدی کا ظاہر ہونا۔ یاجوج ماجوج کا آنا۔ قیامت کا برپا ہونا۔ حساب کتاب کا لیا جانا۔ بہشتیوں کا بہشت میں۔ دوزخیوں کا دوزخ میں داخل ہونا۔ قیمت . . . . . . . . . . . ۱؍

۵۶۔ **گلدستہ کرامات** ۔ حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کی کرامتیں اور ان کے حالات کا بیان۔ ۹۰ مناقب نظم میں ہیں بہت پرلطف از مفتی غلام سرور لاہوری ۶؍

۵۷۔ تحریر المراۃ۔ مصر کے ایک روشن خیال عالم کی کتاب کا ترجمہ ثبوت حقوق نسواں میں۔ نہایت عمدہ چھاپہ ۱۷۱ صفحے قیمت . . . . . . . عہ

۵۸۔ الحجاب۔ از منشی محمد خلیل الرحمن صاحب۔ یہ رسالہ محمد طلعت حرب مصری کی عربی کتاب کا ترجمہ ہے۔ جو اس زمانہ کے رواجی پردہ کی تائید میں لکھا گیا ہے۔ اور جس میں مصر کے مشہور روشن خیال مصنف قاسم امین بگ کی تردید کی گئی ہے ۸ھ

۵۹۔ تحفۃ الزوجین۔ اس کتاب میں از روے شریعت شوہر کے حقوق بیوی پر۔ اور بیوی کے حقوق شوہر پر بیان کئے گئے۔ اور اسی ضمن میں شادی و غمی کی بُری رسمیں اور بدعتیں مذکور ہیں مطبوعہ نولکشور . . . . . ۲/

۶۰۔ رانڈوں کی شادی۔ اس مختصر سے رسالے میں بیوہ عورتوں کی شادی کر دینے کا ثواب۔ ادا نہ کرنے میں اندیشہ عذاب ثابت کیا ہے۔ اور شروع میں مکہ معظمہ کے عالموں کا فتوے لکھا ہے۔ قیمت . . . .

۶۱۔ انسانی اوہام۔ یعنی جنتر منتر۔ گنڈہ تعویذ فال نجوم وغیرہ کی اصلیت اور ان امور کے متعلق دلچسپ بحث۔ عورتوں کے لئے خصوصاً مفید۔ چھپائی عمدہ ولایتی کاغذ۔ قیمت . . . . . . . ۸/

۶۲۔ نازک خیالات۔ شنکراچارج اوتار کی سنسکرت زبان کی کتاب ویدانت کا ترجمہ فارسی میں۔ بڑی تلاش سے قدیم نسخہ ملا ہے۔ مترجم جام توحید سے بیخود و سرشار معلوم ہوتا ہے۔ اور اس بے خودی میں ہر چیز میں جلوہ الٰہی دیکھتا اور معرفت کا راگ گاتا ہے۔ قیمت . . . . . . . ۵/

۶۳۔ سیاک و نماک۔ یہ دو رسالے پروفیسر آزاد کے عالمانہ خیالات کی افسوسناک اُلجھن ہیں۔ یا عجائبات جنون۔ پروفیسر ممدوح اُن کو الہامی نوشتے بتلاتے ہیں۔ جو زرتشت پر نازل ہوئے اور اہل ایران ان کو کھو بیٹھے اور

اب مصنف نے ہر مزد سے ملہم ہو کر دنیا پر پھر ظاہر کئے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی اعلےٰ قیمت فی جلد ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸/

**۶۴۔ مکاشفات** شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد کا ایک دلچسپ جدید رسالہ جو معجزانہ انشاپردازی کا اعلےٰ نمونہ اور ایک مختل دماغ کا صحیح نتیجہ ہے۔ جو لوگ اس زمانے کے وحی والہام کے اوہام میں مبتلا ہیں اُن کے لئے یہ رسالہ نہایت کار آمد ہے قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/

# تعلیم نسواں کی کتابیں

## شمس العلماء مولوی نذیر احمد خان صاحب کی کتابیں

**۶۵ مرات العروس**۔ اصغری اکبری کا دلچسپ قصہ تعلیم خانہ داری میں بے نظیر۔ لڑکیوں کے لئے نہایت مفید اور ضروری کتاب قیمت ۔ ۔ ۔ ۵/

**۶۶۔ بنات النعش**۔ یعنی مراۃ العروس کا دوسرا حصہ۔ لڑکیوں کو علمی باتیں سکھانے کے لئے اردو زبان میں اس سے بہتر کوئی کتاب نہیں ہے۔ نہایت مفید و کار آمد ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵/

**۶۷۔ توبۃ النصوح**۔ لڑکیوں کو نیکی اور دینداری سکھانے کا بے حد مؤثر قصہ۔ ہر لڑکی کو یہ کتاب پڑھنی چاہئے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴/

**۶۸۔ محصنات**۔ دلچسپ قصے کے ذریعے نہایت روشن طور پر دکھایا ہے۔ کہ ایک سے زیادہ نکاح کرنے کے کیا کیا خراب نتیجے ہوتے ہیں۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۱۰/

**۶۹۔ ایامیٰ**۔ بیوہ عورتوں کے نکاح ثانی کی ضرورت ایک بہت دلچسپ قصے کے پیرایہ میں بیان کی ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۰/

Taj Tahir Foundation

۷۰۔ **چند پند**۔ یہ کتاب مبتدیوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ کھانے پینے سونے لباس پہننے۔ بات چیت کرنے وغیرہ کے آداب اور دنیا کا مختصر حال۔ اور چند مفید اخلاقی مضمون بچوں کے لئے نہایت سلیس بلا تکلف عبارت میں لکھے ہیں۔ بچوں کے لئے اس کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ قیمت ........ ۴ر

۷۱۔ **منتخب الحکایات**۔ یہ چار پانچ جز کا رسالہ ہے۔ اس میں قریباً اسی حکایتیں ایسی جمع کی گئی ہیں۔ جو بچوں کے لئے موجب تفریح ہیں۔ اور ہر ایک سے ایک نہایت نتیجہ خیز نصیحت حاصل ہوتی ہے۔ درستی اخلاق کے لئے بچوں کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیئے قیمت ........ ۴ر

## تصنیفات محمدی بیگم صاحبہ مرحومہ

۷۲۔ **رفیق عروس**۔ کتاب کیا واقعی نئی دلہن کی سہیلی ہے۔ جو خوشی کے وقت ہم عمر ہمجولیوں کی طرح ہنسی خوشی میں شریک۔ اور دکھ درد کے وقت دردمند سہیلی کی طرح مصیبت کی رفیق ہوتی ہے۔ ناتجربہ کاری میں پیاری ماں کی سی بزرگانہ نصیحتیں اور زمانہ کا اونچ نیچ سکھاتی ہے۔ بار سوم چھپی ہے۔ اور متعدد مفید مضامین ایزاد کئے گئے ہیں۔ قیمت ........ ۸ر

۷۳۔ **سگھڑ بیٹی**۔ جس طرح رفیق عروس بیاہی بیٹیوں کی دانشمند سہیلی ہے۔ اسی طرح یہ کتاب کنواری لڑکیوں کی نو عمر سہیلی ہے۔ جو ہنسی کھیل میں انہیں نصیحتیں سمجھاتی اور تمیزداری کی راہ بتاتی ہے۔ خدا کی عبادت۔ ماں باپ کی تابعداری۔ بہن بھائیوں کی محبت۔ یگانوں بیگانوں کے حقوق۔ علم و ہنر کے فائدے۔ لکھنے پڑھنے۔ کھانے پکانے سینے پرونے۔ حفظ صحت وغیرہ جملہ امور خانہ داری میں سلیقہ سکھاتی اور پڑھنے والیوں کو سگھڑ بیٹی بناتی ہے۔ قیمت ........ ۱۲ر

۷۴۔ **لغت خانہ**۔ ہندوستانی کھانوں کی کتاب جس میں ادنے سے لیکر اعلےٰ تک سب کھانوں کی نہایت صحیح اور آسان ترکیبیں لکھی ہیں۔ اور چند مشہور انگریزی کھانوں اور بیماروں کی غذاؤں کی ترکیبیں بھی مندرج ہیں۔ اس کے علاوہ اچار۔ چٹنیوں کی ترکیبیں بھی لکھی گئی ہیں۔ طبع دوم . . . . عہ ر

۷۵۔ **آداب ملاقات**۔ اس کتاب میں یہ بتایا ہے۔ کہ آج کل مستورات کو اپنی باہمی ملاقاتوں میں کن کن باتوں کا لحاظ رکھنا چاہئے۔ مہمانوں کے اور میزبانوں کے لئے جدا جدا وہ قاعدے لکھے گئے ہیں۔ جو اس زمانے میں مہذب معزز گھرانوں میں برتے جاتے ہیں۔ قیمت . . . . . ۶ر

۷۶۔ **لوریاں**۔ ہندوستان کی مشہور مشہور نہایت دلچسپ لوریاں اور بچوں کو بہلانے اور خوش کرنے کے فقرے بڑی کوشش سے جمع کرکے اور بہت سی جدید عمدہ عمدہ لوریاں خود تصنیف کرکے یہ سب ایک چھوٹی سی کتاب کی صورت میں چھاپی گئی ہیں۔ ہر بال بچہ دار گھر میں اس کا ایک نسخہ موجود ہونا نہایت مناسب ہے۔ قیمت . . . . . . . . . ۲ر

۷۷۔ **دل پسند کہانیاں**۔ یہ وہ کہانیاں ہیں۔ جو دہلی کے شرفا کے گھروں میں امیر و غریب مستورات اپنے خورد سال بچوں کو سناتی اور ان سے ان کا دل بہلاتی ہیں۔ بچے انہیں سنکر بہت خوش ہوتے ہیں۔ دہلی کی زبان اور محاورے میں لکھی گئی ہیں۔ اور بچوں کو زیادہ خوش کرنے کے لئے باتصویر چھاپی گئی ہیں۔ . . . . ۱۲ر

۷۸۔ **دلچسپ کہانیاں**۔ بچوں کے پڑھنے کے لئے آسان زبان میں نصیحت کی اچھی اچھی کہانیاں۔ لڑکوں اور لڑکیوں کے واسطے . . . . ۸ر

۷۹۔ **شریف بیٹی**۔ ایک لکھی پڑھی شریف غریب لڑکی کا قصہ جس نے مفلسی میں جان توڑ کے اپنی ماں کی خدمت کی۔ اور تعلیم یافتہ ہونے کی وجہ سے

اپنی سب مصیبت دور کی۔ بچیوں کے پڑھنے کے لئے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳؍

**۸۰۔ صفیہ بیگم۔** ایک تعلیم یافتہ غمزدہ لڑکی کا قصہ ہے۔ جس نے ناز ونعم میں پرورش اور اعلےٰ تربیت پائی۔ ماں باپ نے اس کی شادی میں بیہودہ رسم ورواج کی پابندی کی۔ وہ بدنصیب ماں باپ کی تجویز کے مقابلے میں بول نہ سکی۔ مگر تاب غم نہ لائی اور عین شادی کے دن شدت غم سے ہلاک ہوگئی۔ نہایت درد انگیز اور عبرت خیز قصہ ہے بار دوم چھپی ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸؍

**۸۱۔ سچے موتی۔** لڑکیوں کے لئے متفرق نظموں کا مجموعہ۔ جس میں ایک یتیم لڑکی کی عید۔ گڑیا سے رخصت۔ بن ماں کی بچی۔ پان کی گلوری۔ چمکتا تارا۔ شجر امید۔ پڑھنے کے قابل اور نہایت موثر نظمیں ہیں۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸؍

**۸۲۔ آج کل۔** جن بہنوں کو آج کا کام کل پر ٹالنے کی عادت ہو۔ وہ اس قصے کو پڑھیں۔ نہایت دلچسپ اور موثر ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴؍

**۸۳۔ حیات اشرف۔** بی بی اشرف النسا بیگم مرحومہ معلمہ وکٹوریا گرلز سکول لاہور کی مبارک زندگی کے کارآمد حالات۔ لڑکیوں اور مستورات کے پڑھنے کے قابل ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۶؍

**۸۴۔ پان کی گلوری۔** ایک عزیز بہن کی فرمائش پر جنہیں پان کا بہت شوق ہے۔ یہ نظم لکھی۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱؍

**۸۵۔ انمول موتی۔** ایک چھوٹی سی کتاب جس میں دلچسپ نظم کے ذریعے سے عورتوں کے ادائے فرائض کے لئے خدا سے دعا کی گئی ہے۔ لڑکیوں اور مستورات کے پڑھنے کے قابل ہے نہایت موثر۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱؍

**۸۶۔ انگریزی گرامر۔** نہایت آسان اور مختصر دوبارہ چھپ کر تیار ہے۔ اس دفعہ اس میں بعض مفید باتیں زیادہ کی گئی ہیں۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱؍

Taj Tahir Foundation

۸۷ - **امتیاز دلچسپی** - پچیس کہانیاں ننھے بچوں کے لئے باتصویر ایسی آسان کہ تین چار برس کا بچہ ان کا ہر ایک لفظ بخوبی سمجھ سکے - کہانیوں کی باتیں بچوں کی ضرورتوں - اور ان کے خیالات کے مطابق ہیں مصنفہ نے اپنے خورد سال بچے کے لئے لکھی تھی - مفید پاکر سب بچوں کے لئے شایع کی - قیمت . . . . ۴ر

۸۸ - **تاج گیت** - ننھے بچوں کے لئے بہت ہی آسان شعر - قیمت ۲ر

۸۹ - **تاج پھول** - چھوٹے بچوں کے لئے نصیحت کے آسان سبق - اور ضروری آداب امتیاز دلچسپی سے ذرا مشکل - اردو کی پہلی کتاب سے زیادہ آسان ہے ۴ر

# اور مصنفوں کی کتابیں

۹۰ - **صبح ملال و شام غم** - ایک یتیم بچے کی نہایت دردناک سرگزشت سوتیلی ماں کے ظلم - قیمت . . . . . . ۶ر

۹۱ - **شہیدی بیگم** - اخبار تہذیب نسواں نے ملک ہند کی مستورات پر جو علمی اثر ڈالا ہے - کتاب شہیدی بیگم اسی کا خاص نتیجہ ہے - اس قصہ میں ح-ب صاحبہ خریدار تہذیب نسواں نے بلا سوچے سمجھے شادی کرنے کی خرابیاں دلچسپ پیرائے میں لکھی ہیں - قیمت ۴ر

۹۲ - **جیسی کرنی ویسی بھرنی** - نئی بیوی ناز بیگم کی بدمزاجیاں اور بدسلوکیاں اپنی سوکن اور ان کا عبرت ناک انجام - قیمت . . . . ۱ر

۹۳ - **رسوم دہلی** - دہلی میں بیاہ شادی کے موقع پر جو رسمیں عمل میں آتی ہیں ان سب کا حال اس کتاب میں قصہ کے طور پر لکھا ہے نہایت شستہ زبان اور بہت دلچسپ از سلطان بیگم صاحبہ دہلوی - قیمت ۴ر

۹۴ **تہذیب النسواں و تربیۃ الانسان** - یہ کتاب نواب

Taj Tahir Foundation

شاہ جہاں بیگم صاحبہ والیہ سابقہ بھوپال کی تصنیف سے ہے جس میں ایک دیباچہ اور بیس باب ہیں۔ اور پیدائش کے وقت سے لے کر مرنے تک مستورات کو جو ضرورتیں اور حالات پیش آتے ہیں۔ سب کے متعلق رہنمائی ملتی ہے۔ زچہ خانہ عقیقہ۔ چھٹی۔ ختنہ۔ پرورش اولاد۔ علاج معالجہ۔ آرائش مکان۔ باورچی خانہ نکاح۔ شادی۔ ولیمہ۔ طلاق۔ موت۔ نزع۔ تجہیز تکفین۔ سوگ۔ سوم۔ دسواں بیسواں۔ چہلم۔ سب کچھ درج ہے۔ قیمت . . . . . . . . ۸ عہ

۹۵۔ **رسوم دہلی** ۔ دہلی کے معزز خاندانوں میں بیاہ شادی کی کیا کیا رسمیں عمل میں آتی ہیں۔ نہایت شستہ زبان میں۔ ازمولوی سید احمد صاحب مصنف فرہنگ آصفیہ . . . . . . . . . . ۱۲

۹۶۔ **کتاب النسواں** ۔ از پیر سید غیاث الدین صاحب رئیس امروہٹہ مستورات کو اپنی حفاظت۔ پرورش بچہ۔ انتظام خانہ داری۔ تعلیم اولاد معاشرت بیاہ۔ شادی وغیرہ کے باب میں جن جن اُمور کے جاننے کی ضرورت ہے۔ وہ سب اُمور اس کتاب میں مندرج ہیں۔ ۲۹۶ صفحے . . . . . . . ۸ عہ

۹۷۔ **التربیت** ۔ یہ ۲۴ صفحے کا رسالہ عُلیا حضرت نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ بالقابہا فرمان والئے بھوپال کی تقریر ہے۔ اس میں بچوں کی تربیت کے باب میں بیش بہا ہدائتیں ہیں۔ کہ ماں کو کیا کیا کرنا چاہئے۔ اور کیا کیا نہیں کرنا چاہئے۔ تربیت اولاد کے لئے نہایت مفید قیمت . . . . . ۴

۹۸۔ **مادر شفیق** ۔ بچوں کی تربیت۔ مادری حکومت۔ مادری مشکلات بچوں کے قصور۔ دین کی تعلیم۔ اور بچوں کے اُٹھان پربحث قیمت ہدایات ۸ صفحہ ۱۰

۹۹۔ **اصلاح النساء** ۔ از تصنیف والدہ مسٹر محمد سلیمان بیرسٹرایٹ لاء دو بھائیوں محمد اعظم اور محمد معظم کا قصہ ہے۔ اعظم کی بیوی سگھڑ تھی معظم کی

امروہہ ۲ بھوپال ۱

پھوڑ، اعظم کے لڑکے کی شادی معظم کی پھوڑ بیٹی سے ہوئی۔ شادی میں ہندوانہ مشرکانہ رسوم عمل میں آئیں۔ چند روز میں دولہا کا دُلہن سے بگاڑ ہو گیا۔ اور دوسری شادی کر لی۔ رفتہ رفتہ پہلی بیوی کا مزاج بھی کچھ درستی پر آگیا۔ کہ یکایک دوسری بیوی مر گئی۔ قصہ بہت دلچسپ ہے۔ بہار کی طرف کی عجیب عجیب رسوم منگنی و بیاہ کی معلوم ہوتی ہیں۔ بہت اچھی اچھی یہی کتاب ہے۔ ۲۰۷ صفحے ... ... ... ... ... ... ... ... عمر

۱۰۰۔ **گرہست آشرم** عرف اُمورات خانہ داری مؤلفہ ٹھاکر داس لاہوری عمل میں احتیاط۔ بچے کی ولادت و پرورش۔ لڑکپن کی اصلاح تعلیم۔ شادی بیاہ۔ بھائی بہنوں کے ساتھ سلوک۔ برادری سے سلوک۔ طرز معاشرت۔ حفظ صحت۔ عینک کا استعمال متفرق ہدایات خانہ داری۔ ۶۷ صفحے۔ گنجان۔ خراب چھپی ہوئی ... ... ... ... ... ... ... ... عمر

۱۰۱۔ **رہبر زندگانی**۔ شوہر اور زوجہ کے حقوق اور ان کا باہمی برتاؤ۔ از روئے منوشاستر۔ ۹۴ صفحوں کی بری سی چھپی ہوئی کتاب ہے لیکن دوسری قوم کے خیالات معلوم ... ... ... ... قیمت ... ... ۱۴ر

۱۰۲۔ **زینت الحرم**۔ چار بہنوں نے اپنے اپنے خیالات۔ پابندی نماز روزہ۔ توہمات کی بُرائی۔ تدابیر حفظ صحت۔ آداب نشست۔ برخاست۔ فضول رسومات و طرز معاشرت پر بحث۔ ۹۶ صفحے ... ... ... ... ۸ر

۱۰۳۔ **حساب خانہ داری** نقشہ حساب روزمرہ۔ سایر خرچ و دیگر یادداشت۔ حساب دھوبی۔ حساب فیس ماہواری معہ قواعد ڈاک و تار و ریل نقشہ تنخواہ ملازمان و جمع خرچ۔ قیمت ... ... ... ... ... ۸ر

۱۰۴۔ **فرانسیسی معلمہ** چھوٹے بچوں کی پرورش اور نگہداشت تعلیم د

تربیت کا ایک بہت دلچسپ قصہ۔ انگریزی سے ترجمہ از مولوی سید جلال الدین حیدر ایم۔ اے۔ قیمت ... ... ... ... ۸ر

**۱۰۵۔ افسانۂ نادرجہان**۔ نہایت دلچسپ قصہ لڑکیوں کو تمیز و سلیقہ۔ درستی اخلاق سکھانے اور آداب معاشرت و خانہ داری سمجھانے کا میٹھی بول چال۔ محاورات کا خزانہ۔ دل بہلانے کے لئے پُر لطف افسانہ مصنفہ طاہرہ بیگم ملقبہ بہ نواب فخر النساء نادرجہان بیگم ... ۵۰۰ صفحہ۔ کاغذ بڑھیا قیمت ۔ع ر

**۱۰۶۔ مرأۃ النساء**۔ از تصنیف بی بی فاطمہ بنت عریم۔ مستورات کی درستگی اطوار و تدبیر امور خانہ داری کے لئے نہایت دلچسپ قصہ ہے۔ اخیر میں بہت سی نتیجہ خیز و نصیحت آمیز حکائیتیں ہیں۔ ۸۴ صفحہ۔ قیمت ... ۶۰ر

**۱۰۷۔ زینت النساء**۔ یہ کتاب ایک نیک خاتون کی تصنیف سے ہے۔ اس میں اللہ تعالے کے حقوق جو بندوں پر ہیں۔ اُن کا بیان ہے۔ اور شرک۔ توبہ۔ قسم کھانا۔ نماز کا بیان و حقوق شوہر و زوجہ وغیرہ کا بیان عورتوں کے مناسب حال لکھا ہے۔ مناسب موقعوں پر چھوٹی چھوٹی نظمیں بھی دی گئی ہیں۔ ۵۲ صفحہ۔ قیمت ... ... ... ... ... ۰۲ر

**۱۰۸۔ قصہ گلاب و چنبیلی**۔ نہایت دلچسپ قصہ جو راجہ شیو پرشاد صاحب نے مستورات کی درستی اخلاق و تدبیر خانہ داری کے لئے لکھا ہے قصہ ایک ہندو خاندان سے تعلق ہے لیکن اس خوبی سے لکھا ہے۔ کہ ناموں سے یا خانہ داری کے حالات سے ذرا بھی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ ہندو گھر کا قصہ ہے صفحہ ۹۰ قیمت ۳ر

**۱۰۹۔ اتالیق بی بی**۔ جاہل اور ضدی عورتیں شوہروں پر جو بیہودہ نکتہ چینی۔ اور بے جا شکائتیں کرتی ہیں۔ اس کا سچا خاکہ کھینچ کر دکھایا ہے۔ اور جھگڑالو بیوی کی تقریروں کے نمونے دیے ہیں جس سے اعتراضوں کی بیہودگی

پر بے اختیار ہنسی آتی ہے۔ قیمت .. .. .. .. .. ۱۲ر

۱۱۰۔ **رفیق الصلحت**۔ مصنفہ رفیق فاطمہ دختر مولوی اشفاق حسین صاحب۔ رئیس سنبھل ایک شریف خاندان کا قصہ جس میں دو تعلیم یافتہ لڑکوں نے جن کے ماں باپ مر گئے تھے۔ اپنی تعلیم یافتہ ہمدرد بہن کی مدد سے اپنا گھر سنبھالا۔ اور بلا رسوم بدعت نہایت سیدھے سادے شرعی طریق سے شادی کر کے قابل تعریف طرز معاشرت رکھا۔ اور بہت آرام پایا۔ اچھی چھپی ہوئی کتاب ہے۔ ۵۶ صفحے .. .. ۴ر

۱۱۱۔ **مبارک خاتون**۔ تعلیم نسواں کی ضرورت کا ایک بہت دلچسپ قصہ تعلیم نسواں کے حامیوں اور مخالفوں دونو کے پڑھنے کے کام کا۔ از مولوی سید منظر علی سہسرامی۔ ۶۰ صفحے .. .. .. .. .. ۴ر

۱۱۲۔ **کنیز فاطمہ**۔ از قاضی عزیز الدین احمد صاحب ڈپٹی کلکٹر۔ عورتوں کے پڑھنے کا بہت دلچسپ قصہ ہے۔ اور اپنی خوبی کی وجہ سے سول سروس کے کورس میں داخل ہے۔ عمدہ چھاپہ .. .. .. عہ۲ر

۱۱۳۔ **مثنوی زینت العروس**۔ از سید محمد عبد اللہ علم کانپور۔ عسکری اور انوری کا دلچسپ قصہ۔ جن میں عسکری سگھڑ تھی۔ اور انوری لڑاکا اور پھوہڑ۔ لکھنؤ کی زبان ہے۔ عورتوں کے بول چال اور محاوروں کو خوب نظم کیا ہے۔ عورتوں کے لئے اس کے مضامین بہت مفید ہیں۔ ۸۴ صفحے .. .. .. .. ۵ر

۱۱۴۔ **صبح زندگی**۔ اولاد کی تربیت کے متعلق وہ تمام ضروری باتیں جو لڑکیوں کو سیکھنے میں معلوم ہونی چاہئیں۔ قصہ کے پیرائے میں بیان کی گئی ہیں۔ شستگیٔ زبان اور خوبیٔ بیان۔ قابل تعریف ہے۔ از مولوی عبد الراشد دہلوی۔ قیمت .. .. .. .. .. عسہ۲ر

۱۱۵۔ **نصیحت کا کرن پھول**۔ تعلیم نسواں پر ایک میاں بیوی کی

Taj Tahir Foundation

دلچسپ بحث۔ آسان زبان میں۔ لڑکیوں کے پڑھنے کے لئے بہت دلچسپ اور مفید قصہ ہے۔ از شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴ر

**۱۱۶۔ ادیب نسواں** چھوٹی تقطیع کے ۴۴ صفحے کا رسالہ عمدہ چھپا ہوا جس میں مولوی محمد عبدالرحمٰن صاحب (سکندرہ راؤ) نے خُرد سال بچوں کے لئے خدا کی عبادت والدین کی اطاعت۔ بزرگوں کی تعظیم چھوٹوں پر شفقت استاد کی فرماں برداری۔ شوہر اور سسرال کی رضا جوئی کھانے پینے اور مہمانداری کے آداب مختصر اور سلیس طور پر لکھے ہیں۔ بچوں کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴ر

سکندرہ راؤ

**۱۱۷۔ مجمل** تعلیم نسواں کی پہلی کتاب جس میں دین داری۔ سلیقہ۔ آداب و اخلاق کے باب میں ضروری ہدایتیں چھوٹی لڑکیوں کے مناسب حال اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کی گئی ہیں۔ ولایتی کاغذ۔ عمدہ چھپائی۔ ۴۴ صفحے ۔ ۔ ۔ ۔ ۲ر

**۱۱۸۔ حامی نسواں**۔ از منشی سید محمد عاشق علی صاحب صوفی دہلوی جس میں لڑکیوں کی تعلیم لکھنا سکھانے۔ لباس اور شادی کے مضمون پر دو عورتوں کا دلچسپ مکالمہ ہے۔ ایک بڑھیا تعلیم کے مخالفت میں گفتگو کرتی ہے۔ ایک لایق نوعمر لڑکی اس کے اعتراضوں کے جواب دیتی ہے۔ عمدہ چھاپہ۔ ۱۱۲ صفحے چھوٹی تقطیع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۶ر

علی گڑھ

**۱۱۹۔ بہترین جہیز**۔ یعنی مولوی عبدالحق صاحب پوری مدرس مدرسہ عالیہ دیوبند کا خط اپنی صاحبزادی اسعدی بیگم کے نام۔ اسعدی بیگم کو عقد نکاح کے بعد رخصت کرتے وقت یہ ہدایتیں لکھ کر دی گئی تھیں۔ جو جہیز سے بدرجہا نافع تھیں۔ اس میں دینداری کے اور فرمانبرداری کے شوہر خوشنودی خوش دامن و دیگر ضروری آداب معاشرت و انتظام خانہ داری کے باب میں ضروری ہدایتیں لکھی ہیں۔ بہت مفید رسالہ ہے۔ دریا در کوزہ ہے

کانپور

Taj Tahir Foundation

۱۶ صفحے ... ... ... ... ... ا ر

~~۱۲۰- تحفۃ العروس- از مولوی محمد عبد الحامد ڈپٹی کلکٹر ۶ پائی~~

۱۲۱- زینۃ العروس- " " " ۳ ر

۱۲۲- ہدایت النسواں- عورت کی تہذیب و شائستگی کے لئے از مولوی علی محمد صاحب فرنگی محلی ... ... ا ر

۱۲۳- آرسی مصحف- سلیقہ شعاری و حسن معاشرت کے لئے نہایت مفید- از منشی جمیل الدین ... ... ... ۱۰ ر

~~۱۲۴- ترغیب روزگار- لڑکیوں کے لئے مفید حکایتیں نثر و نظم میں- از اہلیہ مولوی محمد افضل حسین- مصنفہ کو اس کتاب پر سرکار سے ۳۰۰ روپے انعام ملا- ۲۵۲ صفحے ... ... ۸ ر~~

۱۲۵- سدا سہاگ- عورتوں میں سلیقہ شعاری کی تعلیم کے لئے بہت مفید از مرزا محمد نصیر الدین تحصیلدار ... ... ۴ ر

۱۲۶- مفید العورات- لڑکیوں کی تعلیم میں ... ... ۴ ر

~~۱۲۷- منہاج التعلیم " " " ... ۵ ر~~

۱۲۸- زیب النساء- مرتبہ منشی غلام فرید خاں ... ... ۴ ر

۱۲۹- فوائد النساء- تہذیب اخلاق مستورات میں از منشی ظہیر الدین بلگرامی ۱۸۰ صفحے ... ... ۶ ر

۱۳۰- نساء المسلمین- یہ کتاب فاطمہ علیہ خانم ایک ترکی خاتون کی تصنیف ہے- اور عربی زبان سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہے- عیسائی مشنری لیڈیاں جو گھروں میں آکر مسلمان بیبیوں پر طرح طرح کے اعتراض کیا کرتی ہیں- ان کا جواب بہت خوبی سے دیا گیا ہے- لڑکیاں اسے ضرور پڑھیں- چھوٹی تقطیع قیمت ۱۲ ر

Taj Tahir Foundation

۱۳۱ - **وکیل نسواں** - یعنی جواز تعلیم نسواں کی عقلی و نقلی دلایل - جس میں ان محدثہ خواتین کے نام مع ولدیت اور مختصر حالات کے جو زمانہ گذشتہ میں گزری ہیں درج ہیں - از مولوی سید افتخار عالم صاحب دہلوی - قیمت ۸ر

۱۳۲ - **رفوگری** - ایک با تصویر اچھا چھپا ہوا رسالہ جسے پڑھ کر ہر بی بی آسانی سے عمدہ سے عمدہ کئی قسم کے رفو کرنا سیکھ سکتی ہے - قیمت . . . . . ۴ر

۱۳۳ - **فنِ خیاطی** - جس میں سوئی پکڑنے کے طریقے سے لیکر سلائی کے اقسام - کپڑوں کے معمولی مرمت کے طریقے - مختلف وضع کے کوٹ - واسکٹ - پتلون اور اچکن قطع کرنے کے قاعدے درج ہیں مع نقشہ جات - از منیر الدین احمد - عمدہ چھپائی - مجلد - چھوٹی تقطیع - ۱۲۰ صفحے - خوبصورت جلد .. .. .. .. .. .. .. عمر

۱۳۴ - **ہار سنگھار** - مولفہ لالہ ٹھاکر داس - بالوں کو دراز - پیچ دار - اور رنگین بنانے کے نسخے طرح طرح کے خضاب - چہرہ آبدار کرنے کے مختلف ابٹنے - بدن اور منہ کی بدبو کا دور کرنا - بدن اور پسینے کو معطر کرنے کی دوائیں - منہ کو خوشبودار اور گلے کو صاف کرنے کی گولیاں ہاتھ - پاؤں پھٹنے کا علاج - ہاتھ پاؤں رنگنے کے خضاب - ناخونوں کو منقش کرنا وغیرہ - ۲۶ صفحے .. .. .. .. .. ۸ر

۱۳۵ - **اختر النسا بیگم** - ایک تعلیم یافتہ - سگھڑ لڑکی کا قصہ جس نے اپنے باپ کی بے پرواہی اور سوتیلی ماں کی دشمنی سے بُری جگہ شادی ہو کر سخت مصیبتیں جھیلیں - اور آخر اپنی تعلیم اور روشن خیالی کی مدد سے سب مشکلات پر فتح پائی - بہت دلچسپ قصہ - کہ شروع کر کے چھوڑنے کو دل نہ چاہے - از بنت نذر الباقر صاحبہ .. .. .. عمر

Taj Tahir Foundation

۱۳۶- نوشتۂ تقدیر- ایک حریص چچا کا قصہ جو اپنی یتیم بھتیجی کی جایداد دبانے کے لئے چالیں چلتا اور اسے ہلاک کرنا چاہتا ہے- مگر لڑکی قدرت الٰہی سے بال بال بچتی- اور اپنے حق کو پہنچتی ہے- دلچسپ قصہ ہے- ... ... ... ... ... ... ۱۲

۱۳۷- نورجہاں بیگم- نورجہاں بیگم کو تمام دنیا جانتی ہے- وہ کس بے سروسامانی میں پیدا ہوئی- کس طرح پرورش پائی- کس طرح جہانگیر بادشاہ کے محل میں آئی- ان تمام حالات کو نہایت تفصیل سے لکھا ہے- ... ... ... ... ... ۸ر

۱۳۸- رنج و راحت- ایام غدر کا ایک عبرتناک اور دلچسپ قصہ جس کے پڑھنے سے دنیاوی امور میں مفید تجربہ حاصل ہوتا ہے از مسٹر آفتاب عمر صاحب بی- اے ... ... ... ... ... ۸ر

~~۱۳۹- پھولوں کی ٹوکری- ایک دیانت دار یتیم غریب لڑکی کا بے حد دلچسپ قصہ ... ... ... ... ... ... ۱۲ر~~

۱۴۰- تذکرہ نسوان ہند- مس چیپ مین کی کتاب کا ترجمہ جس کا دیباچہ لیڈی ڈفرن سابق وایسرائے بیگم ہند نے لکھا تھا- مستورات ہند کی پہلی اور موجودہ حالت کا مقابلہ- کندر رانی ہرنام سنگھ (کپور تھلہ) پنڈتا راما بائی سرسوتی- انند بائی جوشی- مہارانی کوچ بہار- تارو دت- کارنیلیا سہراب جی کے دلچسپ حالات- لڑکیوں کے لئے دلچسپ کتاب ہے- صفحے ۱۳۲- ... ... ... ... ...

~~۱۴۱- مشاہیر نسواں- دنیا بھر میں گزشتہ زمانے میں جو نامور خواتین گزری ہیں- ان کے حالات جمع کئے گئے ہیں- از~~

مولوی محمد عباس ایم۔ اے۔ صفحے ۶۵۶ .. .. .. .. ۸ روپے

۱۴۲۔ ٹرکی کی مسلمان عورتیں۔ اس میں ٹرکی کی ہر قوم مسلمان۔ عیسائی اور یہودی عورتوں کے حالات اور رسم و رواج درج ہیں۔ صفحہ۔ ۲۵۱ کاغذ ولایتی .. .. .. .. .. ۸ آنے

۱۴۳۔ فاطمہ علیہ خانم۔ زمانہ حال کے ترکوں کی سب سے بڑی عالمہ اور فاضلہ خاتون فاطمہ علیہ خانم کی زندگی کے دلچسپ حالات ترکی زبان سے اردو میں ترجمہ کئے گئے .. .. .. .. ۱۲ ار

۱۴۴۔ لڑکیوں کی انشاء۔ مولوی عبدالراشد الخیری دہلوی مصنف منازل السایرہ و صبح زندگی نے یہ نئی انشا و لڑکیوں کے لئے لکھی ہے اس میں پچاس کے قریب مختلف قسم کے خطوط ہیں۔ جن میں کنواری بچیوں کے لئے نہایت ضروری اور کار آمد باتیں ہیں۔ زبان ایسی پیاری ہے کہ خطوں کے بار بار پڑھنے کو دل چاہتا ہے۔ خطوں کی کیسی زبان ہونی چاہئے۔ اس کا اس سے بہتر نمونہ نہیں ہو سکتا عمدہ چھپائی۔ ۹۲ صفحے .. .. .. .. .. .. ۸ ار

۱۴۵۔ انشائے ہادی النساء۔ دہلی کے خالص بیگاتی زبان ہونے کے علاوہ یہ کتاب بیاہ شادی کی رسموں۔ گیتوں۔ پہیلیوں وغیرہ دلچسپ باتوں کا مجموعہ ہے اور سب سے پہلی زنانہ انشاء ہے۔ جو ہندوستان میں لکھی گئی۔ از منشی سید احمد صاحب مصنف فرہنگ آصفیہ .. .. .. .. .. .. .. .. ۱۲ ار

۱۴۶۔ پیاری سہیلی۔ زنانہ خط و کتابت کی کتاب۔ جس میں خانہ داری کے نہایت کار آمد مطالب پر ۱۱۳ دلچسپ خطوط ہیں۔ لکھنؤ کی بول چال

نہایت شستہ اور صاف۔ زیادہ تر لکھنوی معاشرت کی تصویر ہے
خیر میں مشکل الفاظ کی فرہنگ ہے۔ جس میں مشکل الفاظ و محاورات کے
معنے دیئے گئے ہیں۔ ۲۰۰ صفحہ۔ .. .. .. .. .. ۸ر
از حکیم مرزا محمد عباس حسین صاحب ہوش لکھنوی +

۱۴۶ (الف) **تحریر النساء** - اس میں عورتوں کی خط و کتابت کے قواعد اور
ان کے ہر حصہ زندگی کے متعلق ضروری اور مفید معلومات کے خطوط درج
ہیں۔ زنانہ خط و کتابت کی بہت اچھی کتاب ہے - از اہلیہ سید ہمایوں مرزا
صاحب بیرسٹرایٹ لا ۱۶۴ صفحے - قیمت .. .. .. .. عہ

۱۴۶ (ب) **زنانہ خطوط** - یہ بھی زنانہ خط و کتابت کے کام کی کتاب
ہے - اور قیمت میں سستی - ۶۸ صفحے قیمت .. .. .. .. ۴ر

# نظم کی کتابیں

۱۴۷ **مجموعہ نظم حالی** - یعنی شمس العلماء خواجہ الطاف حسین صاحب
حالی کی چودہ مشہور اور مقبول عام نظمیں .. .. .. .. ۸ر

۱۴۸ **مسدس حالی مع ضمیمہ** - خواجہ حالی کی سب سے زیادہ مقبول اور
دل پسند نظم - جو قوم کے موجودہ حالت کا مرثیہ ہے - .. .. ۸ر

۱۴۹ **شکوہ ہند مع قصیدہ الغیاثیہ** - ہندوستان کو درد دل سنایا ہے
بے انتہا موثر - از خواجہ حالی .. .. .. .. ۲ر

۱۵۰ **بیوہ کی مناجات** - مناجات کیا لکھی ہے - بیوہ کا دل چیر کر
آگے رکھدیا ہے - پڑھو اور روؤ - از خواجہ حالی .. .. ۲ر

۱۵۱ **چپ کی داد** - بے نظیر نظم حالت مستورات پر - از خواجہ حالی -

**۱۵۲- نظم آزاد** ۔ شمس العلماء مولوی محمد حسین صاحب آزاد کی نظموں کا جن سے نئی شاعری کی بنیاد پڑی مجموعہ ہے ... ... ۸ر

**۱۵۳- شکوہ** ۔ ڈاکٹر اقبال کی بے نظیر نظم ۔ اللہ سے شکایت کہ ہمیں کیوں چھوڑ دیا ۔ ار

**۱۵۴- کلیات اکبر** ۔ مجموعہ کلام خان بہادر سید اکبر حسین صاحب پنشنر جج جس میں ان کی کل غزلیں ۔ رباعیات ۔ قطعات ۔ مثنویات اور مواقع خاص کے اشعار اور ظرافت کی نظمیں درج ہیں ... ... عار

**۱۵۵- موتیوں کا ہار** ۔ مثنوی مولانا روم کی سو دلچسپ اور نصیحت خیز اخلاقی حکایتوں کا ترجمہ سلیس اُردو نظم میں ۔ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے نہایت کار آمد ... ... ... ۸ر

**۱۵۶- قصیدہ بُردہ** ۔ عربی قصیدہ بردہ رسول اللہ کی تعریف میں مشہور نظم ہے ۔ اس کا ترجمہ اُردو نظم میں

**۱۵۷- شرابی کی بیوی** ۔ ایک بدبخت شرابی کا حال نظم میں دلچسپ ہے ... ... ... ار

**۱۵۸- نصائح لقمان** ۔ لقمان کی کار آمد نصیحتیں نظم میں ... ار

**۱۵۹- مرزا پھویا** ۔ علیگڈھ کالج میں ایک بھولے طالب علم کے جانے اور پڑھنے کا حال نظم میں ۔ بڑی اچھی نظم ہے ۔ از سید سجاد حیدر بی ۔ اے ... ... ... ار

**۱۶۰- ہنڈ کلھیا** ۔ برسات میں پکوان پکانے پر لڑکیوں میں لڑائی ہو گئی ۔ اس پر مزہ دار نظم ... ... ار

**۱۶۱- چوہے بلی نامہ** ۔ چوہوں کی شاندار لڑائی بلی سے ۔ بچوں کے لئے خوب مزہ دار قصہ ہے ۔ پڑھنے کے قابل ۔ تصویر دار ... ار

Taj Tahir Foundation

۱۶۲- سچے موتی - دیکھو اوپر کی کتابوں میں نمبر ۸۱

۱۶۳- پان ' گلوری " " نمبر ۸۴

۱۶۴- انمول موتی " نمبر ۸۵

## بچوں کے لئے کتابیں

بچوں کے کام کی کچھ کتابیں اوپر گزر چکی ہیں - ان کے نام اور نمبر جو اوپر گزرے - وہ یہاں دوبارہ لکھے جاتے ہیں - جو کتاب سب سے سہل ہے - وہ اول لکھی ہے - اس کے بعد اس سے مشکل - پھر اس سے زیادہ مشکل -

۱۶۵- امتیاز پچیسی - دیکھو نمبر ۸۷

۱۶۶- تاج گیت - دیکھو نمبر ۸۸

۱۶۷- تاج پھول - " ۸۹

۱۶۸- دلچسپ کہانیاں - " ۸۰

۱۶۹- دلپسند کہانیاں " "

۱۷۰- چند پند - دیکھو نمبر ۷۰

۱۷۱- منتخب الحکایات - دیکھو نمبر ۷۱

۱۷۲- صبح ملال شام غم - دیکھو نمبر ۹۰

۱۷۳- پھولوں کی ٹوکری " ۱۳۹

+ + +

۱۷۴- حکایات عجیب - دل بہلانے کی عجیب کہانیاں - ۴ر

۱۷۵- نصیحت آموز کہانیاں - محترم پرکاش دیوجی نے بچوں کی درستی اخلاق کے لئے مختلف انگریزی کتابوں سے چھانٹ کر لکھیں چھوٹی تقطیع کے ... صفحے - عمدہ چھاپہ - اعلیٰ کاغذ ... ... ۴ر

۱۷۶- بن باسی رستم - فردوسی کے شاہنامہ کا رستم نہیں ہے - بلکہ یہ ایک بہادر نیولے کا خطاب ہے - جو ایک رئیس کے چمن میں رہتا تھا - اسی باغ میں ایک بڑا زہریلا کالا ناگ بھی رہتا تھا - جو اس چمن کے پرندوں

Taj Tahir Foundation

اوران کے انڈوں بچوں کو کھا جایا کرتا تھا بن باسی رستم نے بڑی دلاوری اور معرکہ آرائی کے بعد اس ناگ کو مارا۔ اور اس خوشی میں مرغان چمن نے مولسری کے درخت پر جمع ہو کر جشن منایا۔ اور مزے مزے کی راگنیاں چھیڑیں۔ نہایت دلچسپ قصہ ہے۔ بچے پڑھ پڑھ کر ہنستے ہیں ماں باپ مسکراتے ہیں۔ اور خوبی کلام اور پاکیزگی خیال کا لطف اٹھاتے ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں دونوں کے پڑھنے کے لئے مزہ دار کتاب ہے از مولوی مرزا محمد اشرف صاحب گورگانی دہلوی .. .. .. ۴ر

۱۷۷۔ **چوہے بلی نامہ**۔ چوہے بلی کی لڑائی کا بہت مزہ دار قصہ۔ آسان نظم میں تصویر دار .. .. .. .. .. .. ۱ر

۱۷۸۔ **نادان خداپرست کی کہانی**۔ سر سید احمد خاں کی لکھی ہوئی دلچسپ کہانی۔ اس کہانی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا چھوڑ کر عبادت کے لئے جنگل میں جا بیٹھنا اچھا نہیں۔ بلکہ دنیا دار ہو کر نیکیاں کرنا اچھا کام ہے ۱ر

۱۷۹۔ **پریوں کی کہانی**۔ پریوں کی بڑی عجیب و غریب دلچسپ کہانیاں ہیں۔ تصویر دار .. .. .. .. .. .. ۴ر

۱۸۰۔ **گلیور صاحب کی سیاحت**۔ بالشتیوں کی دلچسپ کہانی۔ چھوٹے بچوں کے لئے۔ انگریزی سے ترجمہ .. .. .. ۴ر

۱۸۱۔ **ہیلن کیلر**۔ ایک اندھی لڑکی کا قصہ۔ پڑھنے کے قابل۔ ۲ر

۱۸۲۔ **آئینہ عقول**۔ قاسم اور ہاشم کی دلچسپ کہانی بچوں کے پڑھنے کی۔ از سید غلام حیدر خاں صاحب قیمت .. .. .. ۹ر

۱۸۳۔ **سیر مقبول**۔ نہایت عمدہ قصہ۔ عبارت شستہ۔ از سید غلام حیدر خاں صاحب۔ قیمت .. .. .. .. ۹ر

انبی
۲
بدالیوں

لکھنو

۱۸۴- **گلدستہ حکایات** - یہ ۱۶۰ صفحہ کی کہانیوں کی کتاب ہے جمیں
خلیفہ ہارون رشید - مصر کے شاہزادوں - قضاؤ قدر - فرخ زاد - مرغ سعادت
زنِ زرگر - حکیم جالینوس - ہرمنز بھٹیارہ کی کہانیاں - اور نوشیرواں عادل
کی نصیحتیں ہیں ... ... ... ... ۵ر

۱۸۵- **فسانۂ معقول** - امیر محسن اور حسن آرا کا دلچسپ قصہ - لڑکوں اور
لڑکیوں کے پڑھنے کا - جس کے پڑھنے سے علم و ہنر کا شوق پیدا ہو -
نیک تربیت کا رہنا - تصنیف سید غلام حیدر خانصاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر
صفحہ ۲۴۴ ... ... ... ... ۸ر

۱۸۶- **قصہ بابا حاجی اصفہانی** - اس قصہ میں ایرانیوں کی معاشرت
علم ادب - سیاحت - جغرافیہ - طرز حکومت - ملازمت - طبابت - غرض
تمام جہان کی باتیں موجود ہیں - اور پھر قصے کا قصہ جو سمجھ دار نوجوانوں کے لئے
پیر ناصح بڑوں کے لئے جوان خوش تدبیر - بچوں کا دل بہلانے والا -
جوانوں کی جان ہے ... ... ... ... عہر

۱۸۷- **سمندر کی کہانی** - پانی میں جو بخارات - کہر - شبنم - برف - اولے وغیرہ
کی صورت اختیار کرنے کی خاصیت ہے اُسے نہایت دلچسپ عام فہم تمثیلی قصے کے
پیرایہ میں بیان کیا ہے - ایک لیڈی کی لکھی ہوئی ... ... ... ار

۱۸۸- **سیر جزیرہ صورت آباد** - یہ ایک چھوٹی سی دلچسپ کتاب ہے -
بحر ہستی میں سفر کرتا کرتا ایک شخص انسانوں کی دنیا میں پہنچا ہے - وہاں
اس کو حضرت انسان کی کارستانیاں دیکھ دیکھ کر جو حیرت ہوئی ہے -
وہ اُس نے اس قصے کے پیرائے میں بیان کی ہے - اس ذریعہ
سے مصنف نے یہ تبلایا ہے - کہ انسان نے لکھنے کا ہنر کس طرح

مکالا - اور روپئے پیسے وغیرہ سکوں کا رواج دنیا میں کس طرح چلا - از
عبد اللہ حسرتی ... ... ... ... ... ۴ر

۱۸۹ - **ابن الوقت** - دلچسپ قصے کے پیرائے میں مسلمانوں کو
انگریزی فیشن سے روکا - اور اُس کے نقصان دکھلائے ہیں -
نہایت مزہ دار قصہ - از شمس العلما مولانا نذیر احمد صاحب ... ... ۱۲ر

۱۹۰ - **افسوں** - ایک فرنگی کا قصہ ہے - جو نہایت رحم دل اور مہمان نواز
آدمی تھا - اُس نے ایک مصیبت زدہ سپیرے کو بہت مدد دی تھی -
سپیرے نے غدر میں اُس کے احسانوں کا سچی وفاداری سے بدلہ
اُتارا - اور بے انتہا مصیبتیں بھگت کر صاحب کو بچایا - اور خوفناک
جنگلوں اور پہاڑوں کو طے کر کے اس کو اُس کے عزیزوں سے
ملایا - نہایت دلچسپ قصہ ہے - اور لڑکیوں کے پڑھنے کے قابل
ہے - از مولوی سخاوت حسین صاحب - بی - اے صفحے ۱۸۸ - عہ

۱۹۱ - **عذرا** - یہ حنیف و امین کا ایک نہایت دلچسپ سفرنامہ ہے
اس کے باپ نے جو قاہرہ کے جامع ازہر میں طالب علمی کرتا تھا
حنیف کو وصیت کی - کہ یونان میں میرا ایک خرد سال بچہ ہے - وہ تمہارے
پاس پہنچایا جائیگا - اور ایک صندوقچی بھی حنیف کے سپرد کی - اور کہا کہ
جب امین بالغ ہو جائے تب یہ صندوقچی کھولی جائے - چنانچہ
اسی طرح کیا گیا - اور اس صندوقچی میں سے ایک تحریر نکلی -
جس کے بموجب حنیف و امین افریقہ کے لق و دق جنگلوں میں
ایک عجیب و غریب دلدل کے پار ایک عورت کے ملک میں پہنچے - جو
[illegible]ر سال سے زندہ چلی آتی تھی - اور کوئی ایسا علم جانتی تھی - جس کی مدد

Taj Tahir Foundation

سے وہ آگ کے شعلوں میں نہایا کرتی تھی۔ اس کے حالات ایسے عجیب وغریب ہیں کہ نہ آنکھوں نے دیکھے نہ کانوں نے سنے .. .. عہ

۱۹۲۔ **عجائبات روزگار**۔ یہ نہایت پرانی کتاب ہے۔ جس کو پنجاب کے مشہور پروفیسر رام چند صاحب نے تصنیف کیا تھا۔ اس میں عجائب وغرائب عمارات دنیا وحیوانات ومناظر قدرت کا ذکر ہے۔ کچھ اخلاقی مضامین ہیں۔ کچھ مشہور بادشاہوں کے حالات۔ لڑکے لڑکیوں کے پڑھنے کے مفید ہے .. .. .. .. .. ۵ر

۱۹۳۔ **گلدستہ تہذیب**۔ مختلف قسم کے اخلاقی۔ معاشرتی۔ مفید دلچسپ مضامین کا مجموعہ لڑکے اور لڑکیوں کے پڑھنے کے قابل۔ اس کے پڑھنے سے مضمون لکھنے آسکتے ہیں۔ ۲۵۰ صفحے .. .. ۸ر

۱۹۴۔ **انوار الاخلاق**۔ مختلف دلچسپ اخلاقی مضامین کا مجموعہ۔ بچوں کے پڑھنے کے قابل۔ اس کے پڑھنے سے مضمون لکھنا آسکتا ہے ۱۴۴ صفحے ۱۰

۱۹۵۔ **انشائے بہار بے خزاں**۔ یہ کتاب غلام امام صاحب شہید کی تصنیف سے ہے۔ جن کا مولود شریف مقبول عام ہے۔ خطوط نویسی کی کتاب۔ جس میں خط نویسی کے قاعدے اور ان کے نمونے رقعات اور دستاویزوں کے لکھنے کا طریق اور ان کے نمونے دئے گئے ہیں ۹۶ صفحے .. .. .. .. .. .. .. .. [illegible]

۱۹۶۔ **انشائے سرور**۔ مشہور مرزا رجب علی بیگ سرور نے جو خطوط مختلف اوقات میں اپنے فرزند مرزا احمد علی کو لکھے۔ وہ انہوں نے اس کتاب میں جمع کر دئے ہیں۔ اردو خطوط کے عمدہ نمونے ہیں۔ ۱۰۴ صفحے .. .. .. .. .. .. [illegible]

Taj Tahir Foundation

۱۹۶ - اُردو خط و کتابت - طلبائے مدارس کے لئے خطوط نویسی کی عمدہ کتاب جس سے ہر قسم اور ہر مضمون کے خطوط مثلاً دریافت خیریت عیادت - تعزیت - مبارکبادی - کاروبار وغیرہ و عرائض و دستاویزیں لکھنی آجائیں - مع سوالات چھوٹی تقطیع - عمدہ چھاپہ - ۶۰ صفحے ........ ۸/

۱۹۷ - بچوں کو ہندسے سکھانے کا نقشہ - یہ نقشہ بچوں کو ہندسے سکھانے کے لئے بتایا گیا ہے - خردسال بچوں کو ہندسے سکھلانا - اور اُس کے اُصول صفائی کے ساتھ ذہن نشین کرانا بہت مشکل کام ہے - لیکن اس نقشے سے یہ مشکل بالکل حل ہو گئی ہے اس نقشے کی قیمت ایک آنہ ہے - یہی نقشہ اگر روغنی مع پارچہ و رول آویزاں کرنے کے لئے مطلوب ہو تو قیمت ........ عہ/

۱۹۸ - رومن چارٹ - اُردو زبان کو انگریزی حروف میں لکھنے کے قاعدے - لڑکے اور لڑکیوں کو حروف انگریزی کی اتنی شناخت تو ضرور چاہیئے کہ وہ ضرورت کے وقت اپنا نام اور تار کی خبر انگریزی حروف میں لکھ پڑھ سکیں - اس نقشے کے ذریعے سے اتنی لیاقت ہفتہ عشرہ میں حاصل ہو سکتی ہے - قیمت سادہ نقشہ ... ۲/

روغنی رول دار ... عہ/

۱۹۹ - طبعی تعلیم - اس میں بارہ چودہ برس تک کے بچوں کو اپنے گھر پر کتاب کی مدد کے بغیر علم طبعی کی تعلیم دینے کا ڈھنگ بتایا ہے نئی طرز کی دلچسپ کتاب ہے - ۲۴ صفحے ........ ۶/

۲۰۰ - فارسی آموز - یہ کتاب اس غرض سے لکھی گئی ہے کہ جو لڑکے اور لڑکیاں فارسی سیکھنا چاہیں - وہ اس کی مدد سے جلدی سیکھ سکیں +

Taj Tahir Foundation

قاعدوں کو نہایت مختصر اور آسان کر دیا ہے۔ قواعد فارسی کی جتنی کتابیں آج تک لکھی گئی ہیں۔ یہ اُن سب سے زیادہ آسان ہے ... ... ... ... ... ۲ر

۲۰۱ ترجمان پارسی۔ اس زمانے کے اہل ایران کی بول چال اور قدیم فارسی میں جس کی کتابیں ہمارے ملک کے درس میں جاری ہیں۔ اس قدر فرق ہے کہ اگر ہمارے ملک کے فارسی تعلیم یافتہ ایران میں جائیں۔ تو اُن کو وہاں کی زبان بالکل ایک اجنبی زبان معلوم ہو۔ اس لئے دارالاشاعت پنجاب نے یہ کتاب فارسی مروجہ حال میں بطور بات چیت تصنیف کرائی ہے۔ جس میں ضروری اور کارآمد مضامین پر گفتگوئیں ہیں۔ نئے الفاظ اور محاورات کا ترجمہ حواشی میں دیا گیا ہے۔ اپنی قسم کی پہلی اور بے نظیر کتاب ہے صفحے ۹۲ ... ... ... ... ... ۶ر

۲۰۲۔ لغات فارسی۔ طلباء مدارس کی خواندگی کے لئے جتنی کتابیں مقرر ہیں۔ اُن سب کتابوں کے لغات حل کرنے کو یہ کتاب بخوبی کافی ہے۔ چونکہ اس وقت تک کوئی ایسی جامع لغات موجود نہ تھی۔ اس لئے ناچار طلباء کو متفرق فرہنگیں وغیرہ جن میں اُن کے کورسوں (نصاب درسی) کے سب الفاظ مل سکیں خریدنی پڑتی تھیں۔ اس کتاب کے خریدنے کے بعد ان کو حل لغات کے لئے اور کسی کتاب کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس کتاب کے سرکاری تقطیع کے ۵۰۰ صفحے ہیں ... ... ... ۱۰ر

۲۰۳۔ اقصائے مغرب۔ یعنی نارتھ افریقہ جس میں الجزائر کے آخری تین سو برس کے تاریخانہ واقعات۔ بربری غارت گروں کی اصلیت خاندان باربروسہ کے تفصیلی کارنامے۔ ترکوں کا بحری اقتدار۔ اور بحیرۂ روم کی سہ صد سالہ حکومت۔ اور اسپین کے جلاوطن مسلمانوں کے مفصل

حالات درج ہیں۔ عربی۔ ترکی۔ انگریزی تاریخوں کا لب لباب ہے۔ قیمت۔ عہ

۲۰۳۔ الف۔ جہاں آرا بیگم۔ شاہ جہاں بادشاہ کی فاضل بیٹی کی سوانح عمری نہایت تحقیق سے لکھی گئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲

۲۰۴۔ عجائب الاسفار۔ یعنی سفرنامہ شیخ ابن بطوطہ جلد اول جس میں نہایت دلچسپ حالات درج ہیں۔ شیخ ابن بطوطہ ملک مراکو کا رہنے والا تھا۔ ۷۳۳ھ ہجری میں دنیا کی سیر کرتا کرتا محمد شاہ تغلق کے عہد میں وہ ہندوستان میں بھی آیا۔ اُس نے وہ وہ عجیب غریب واقعات چشم دید لکھے ہیں جو کسی تاریخ سے ہمیں نہیں مل سکتے۔ یہ سفرنامہ آج سے چھ سو برس پہلے کے حالات دنیا کا آئینہ ہے۔ یہ کتاب عربی سے اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

۲۰۵۔ وقایع سیر و سیاحت ڈاکٹر برنیر۔ ڈاکٹر برنیر ایک فرانسیسی سیاح تھا جو شاہجہان کے آخری عہد میں سیاحت کے لئے ہندوستان میں آیا۔ اُس نے یہاں کے ایسے ایسے واقعات چشمدید لکھے ہیں۔ جن کو اس ملک کے مؤرخ عموماً نظرانداز کر جاتے ہیں۔ مثلاً ملک کی عام حالت معاشرت۔ شہزادوں کے نج کے حالات۔ سلاطین اور شہزادوں کو کس طرح نظر بند رکھتے تھے۔ سفیروں اور ایلچیوں سے کیا سلوک ہوتا تھا۔ قلعہ معلّٰی اور محل سرائے میں بیگمات کے کیا اختیار تھے دربار عام و دربار خاص۔ جھروکہ درشن۔ ملاحظہ افواج۔ انفصال مقدمات۔ طریقۂ جنگ۔ داد و دہش شاہانہ۔ جشن نوروز۔ ان تمام امور کو نہایت تفصیل اور دلچسپ طریق کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس کتاب کو مشیر الدولہ ممتاز الملک خلیفہ سید محمد حسین سابق ممبر میر منشی ریاست پٹیالہ نے انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیا۔ اور نہایت مفید حاشئے ایزاد کئے ہیں۔ آٹھ سو صفحے سے زیادہ کی کتاب ہے۔ قیمت ہر دو جلد عہ

۲۰۶- **سفرنامہ روم و مصر و شام** - یہ شمس العلماء مولنا محمد شبلی کا سفرنامہ ہے - جس میں علاوہ دیگر واقعات کے قسطنطنیہ - بیروت - بیت المقدس - قاہرہ وغیرہ شہروں کی عام اجمالی حالت - قابل دید مقامات - سررشتہ تعلیم - تعلیم نسوان - مصنفین اور تصنیفات - کتب خانے - اخبارات اور رسالے - ترکوں اور عربوں کے اخلاق و عادات کو تفصیل کے ساتھ لکھا ہے - آخر میں عربی کے جدید کارآمد الفاظ مستعملہ عربی اخبارات کی ایک مفید فہرست دی ہے قیمت عہ

۲۰۷- **مقام خلافت** - یعنی شیخ عبدالقادر بی-اے ایڈیٹر مخزن کا سفرنامہ - قسطنطنیہ اور اس کے اطراف کے نہایت دلچسپ اور دلکش حالات مع ۲۶ عکسی تصویروں کے نہایت عمدہ چھاپہ ہے - قیمت .. .. .. مے

۲۰۸- **سفرنامہ بلاد اسلامیہ** - یعنی حافظ عبدالرحمن امرتسری سیاح کا سفرنامہ مصر روم و شام جس میں وہاں کے باشندوں کے حالات - اطوار طریق معاشرت مقامات قابل سیر - ملکی و فوجی حالت نہایت تفصیل سے دی گئی ہے قیمت عہ

۲۰۹- **الفاروق** - اس کتاب میں حضرت عمر کے تفصیلی حالات ولادت سے لے کر وفات تک درج ہیں - اور ان کے تمام ملکی - مالی اور فوجی انتظامات اور ان کے ذاتی اخلاق و عادات اور علمی کمالات کا مفصل تذکرہ ہے از مولانا شبلی ہے

۲۱۰- **المامون** - خلیفہ مامون رشید کے حالات زندگی اور اس کے اخلاق اور عادات کا مفصل تذکرہ ہے - اور ان تمام کارناموں کی تفصیل ہے جن کی وجہ سے مامون رشید کا عہد عموماً شاہان عالم کے عہد سے علمی حیثیت میں ممتاز تسلیم کیا گیا ہے - از مولانا شبلی - قیمت .. .. .. عہ

۲۱۱- **الغزالی** - حضرت امام غزالی علیہ الرحمتہ کی بسیط و مشرح سوانح عمری جس کے مطالعہ سے ناظرین کو عجیب و غریب مفید باتیں معلوم ہو سکتی ہیں - از مولانا شبلی قیمت عہ

Taj Tahir Foundation

۲۱۲۔ **سیرۃ النعمان**۔ اس کتاب میں امام ابو حنیفہ کے نہایت مفصل حالات زندگی اور اُن کے اصول و مسائل پوری تفصیل سے درج ہیں۔ اور تدوین فقہ کے مفصل تاریخی حالات دیئے گئے ہیں۔ خاتمہ میں امام صاحب کے نامور اور ممتاز شاگردوں کے تفصیلی حالات ہیں۔ از مولانا شبلی۔ قیمت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عہ

۲۱۳۔ **سوانح مولانا روم**۔ مولانا جلال الدین رومی کی مفصل سوانح عمری جسمیں مثنوی شریف اور اُن کی دیگر تصنیفات پر تفصیل سے تبصرہ لکھا گیا ہے از مولانا شبلی۔ ۱۲؍

۲۱۴۔ **سیرۃ الشافعی**۔ یعنے امام ہمام محمد ابن ادریس شافعی علیہ الرحمۃ کی سوانحعمری اس کتاب کے حصہ اول میں امام شافعی کے حالات ابتدائی۔ مثلاً ان کا نام ونسب ولادت تعلیم وتربیت سفر حجاز وعراق۔ علماء کی مخالفت وعداوت۔ آپ کا شہید ہونا وغیرہ حالات زندگی روز وفات تک درج ہیں۔ حصہ دوم میں اُن کی تصانیف اور اصول و مسائل جو تفسیر قرآن۔ حدیث فقہ۔ کلام سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور اُن کی ذہانت وطباعی کی حکایتیں اور اُن کے مناظرات جو علماء وقت سے ہوئے اور وہ تمام خصوصیتیں جن کی وجہ سے مذہب شافعی کو دیگر مذاہب پر ترجیح ہے۔ نہایت تفصیل سے بیان ہوئے ہیں۔ مرتبہ مولوی نجم الدین صاحب سہواری۔ صفحات ۲۵۰۔ قیمت فی جلد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عہ

۲۱۵۔ **البرامکہ**۔ یہ کتاب ہارون الرشید عباسی کے تین نامور وزراء۔ یحییٰ فضل جعفر برمکی کی مفصل سوانح عمری اور عروج وزوال خاندان برمکی کی مکمل تاریخ ہے۔ عباسہ ہمشیرۂ ہارون الرشید اور جعفر برمکی کی شادی کا جو بے سروپا افسانہ مشہور ہے اس کی محققانہ تحقیق کی ہے۔ نہایت خوشخط اور عمدہ کاغذ ولایتی پر چھپی ہے۔ از مولوی محمد عبدالرزاق کانپوری۔ قیمت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عہ

۲۱۶۔ **زرتشت نامہ**۔ اس کتاب میں زرتشت مشہور بانی مذہب پارسیاں

Taj Tahir Foundation

کے حالات زندگی نہایت تفصیل سے درج کئے گئے ہیں۔ کتاب کے شروع میں مؤلف نے ۴۰ صفحے کا ایک تبصرہ لکھا ہے جس میں پارسیوں کے مذہب کے اصول اور اُستا کا مفصل تذکرہ ہے۔ اس کے بعد ۱۵۰ صفحہ پر زرتشت کے سوانح عمری تحریر کئے ہیں بچپن کے مصائب۔ گوشہ نشینی۔ ہرامزد کی خدمت میں حضوری۔ سلسلہ الہامات۔ اشاعت مذہب۔ ترک وطن۔ شاہ گشتاسپ کے دربار میں مناظرے اور خوارق۔ بادشاہ وارکین سلطنت کا تبدیل مذہب۔ سرو کشمیر کا دلچسپ فسانہ۔ بردین کا ملک ہندوستان تک پہنچنا۔ برہمن سنگر نکاچہ اور بیاس جی کا قصہ۔ آتشکدوں کا تذکرہ۔ توران کے ساتھ جنگ غرض جملہ واقعات نہایت تحقیق سے لکھے ہیں۔ قابل دید کتاب ہے۔ قیمت ۔۔ ۔۔ عہ

۲۱۷۔ **خالد بن ولید**۔ خالد بن ولید سپہ سالار اسلام شمشیر خدا کے کارنامے ایسے ہیں۔ کہ مسلمان پڑھیں اور انہیں یاد رکھیں۔ نوجوان اسے ضرور پڑھیں۔ قیمت ۔۔ عہ

۲۱۸۔ **شعرالعجم**۔ از مولانا شبلی نعمانی۔ فارسی شاعری کی ابتداء۔ عہد بہ عہد کی ترقیاں اور اُن کی خصوصیات اور اسباب اور اُس کے ساتھ مشاہیر شعراء کے تفصیلی حالات۔ اور اُن کی شاعری پر تقریظ۔ حصہ اول و دوئم۔ اس میں رودکی۔ دقیقی۔ عنصری۔ فرخی فردوسی۔ منوچہری۔ حکیم صناعی۔ عمر خیام۔ انوری۔ نظامی۔ گنجوی وغیرہ کے حالات درج ہیں۔ قیمت حصہ اول ۱۲۔ حصہ دوئم عہ۔ حصہ سوئم۔ اس حصہ میں فغانی۔ فیضی۔ عرفی۔ نظیری۔ طالب۔ صائب۔ کلیم کے مفصل حالات اور اُن کی شاعری پر ریویو ہے قیمت ۔۔۔۔۔۔ عہ

۲۱۹۔ **حیات سعدی**۔ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی کی نہایت مفصل سوانح عمری اور اُن کی تصنیفات نظم ونثر پر ریویو۔ از شمس العلماء خواجہ الطاف حسین حالی۔ ۔۔ ۔۔ عہ

۲۲۰۔ **آب حیات**۔ یہ کتاب زبان اُردو کی قدیم تاریخ اور نظم اُردو کا مفصل تذکرہ ہے۔ اور اس میں ہر عہد کے شعراء کے کلام کے نمونے بھی دئیے ہیں۔ اور ہر عہد میں

Taj Tahir Foundation

جو جو تبدیلیاں زبان اردو میں ہوتی گئی ہیں۔ وہ بھی بتائی ہیں۔ از شمس العلماء مولوی محمد حسین صاحب آزاد سابق پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔ قیمت - - - - عگار

**۲۲۱۔ گلشن ہند۔** شعراء اردو کا نایاب تذکرہ اب سے سو سال پہلے کی اردو زبان کا نمونہ۔ قیمت - - - - - - - - - عہ ر

**۲۲۲۔ دیوان ذوق۔** شمس العلماء مولوی محمد حسین صاحب آزاد نے برسوں کی محنتوں سے اپنے استاد شیخ ابراہیم ذوق کے کلام کو جمع کر کے از سر نو مرتب کیا۔ اور دیباچہ میں پچاس صفحے پر اپنے استاد مرحوم کی مفصل سوانح عمری لکھی ہے۔ قیمت - - - عہ ر

**۲۲۳۔ یادگار غالب۔** یہ کتاب جو مرزا اسد اللہ خان غالب کی زندگی کے حالات کا مجموعہ ہے۔ شمس العلماء مولانا حالی صاحب کی تصنیفات سے ہے۔ غالب دہلوی کے حالات کے ساتھ اُن کی نظم و نثر اردو فارسی ہر دو کا انتخاب بھی کیا ہے اور ہر ایک قسم پر جداگانہ تقریظات لکھی ہیں۔ زندگی کے حالات اس تفصیل سے لکھے ہیں۔ کہ اس سے بہتر نہیں لکھے جا سکتے۔ یہ کتاب ۴۰۴ صفحے کی ہے۔ قیمت - - - - - عگار

**۲۲۴۔ موازنہ انیس و دبیر۔** میر انیس کی شاعری پر تفصیلی ریویو۔ اور اُن کے کلام کا مقابلہ مرزا دبیر کے کلام سے + اس میں مرثیہ گوئی کی مختصر تاریخ عرب۔ ایران ہندوستان میں مرثیہ گوئی کی ابتداء۔ اور تدریجی ترقی۔ پھر میر انیس کے محاسن شاعری۔ مرزا دبیر کے کلام کے عیوب وغیرہ کا بیان۔ ۲۹۴ صفحے۔ فلسکیپ تقطیع۔ از مولانا شبلی قیمت عگار

**۲۲۵۔ حیات جاوید۔** نجم الہند سید احمد خان صاحب کی مفصل سوانح عمری۔ اور اُن کی زندگی کے کارنامے۔ نو سو صفحے سے زیادہ کتاب ہے۔ از شمس العلماء خواجہ الطاف حسین صاحب حالی۔ قیمت - - - - - - صہ

**۲۲۶۔ تزک عبد الرحمانی۔** حضور امیر عبد الرحمن فرمانروائے افغانستان کی اپنی لکھی ہوئی فارسی سوانح عمری کا اردو ترجمہ۔ نہایت دلچسپ حالات۔ قیمت - - - سے ر

Taj Tahir Foundation

۲۲۷- **رسائل شبلی**- مولانا ممدوح کے وہ مضامین جو وقتاً فوقتاً کسی تاریخی یا علمی مسئلہ پر لکھے گئے۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ قیمت .. .. .. .. .. عہ

**اسلامی شفاخانے**- اسلام میں شفاخانوں کی ابتداء اور اُن کی عہد بعہد وسعت و ترقی۔ **اسلامی کتب خانے**- مسلمانوں میں کتب خانہ کی ابتداء اور ترقیاں۔

**حقوق الذمیین**- مسلمانوں کے عہد حکومت میں غیر مذہب کی رعایا کو کیا کیا حقوق حاصل تھے۔

**جزیہ**- جزیہ کی تحقیق اور یہ کہ وہ کن اصولوں پر مقرر ہوا تھا۔

**میکنکس اور مسلمان**- مسلمانوں نے جو کلیں ایجاد کی تھیں۔

**خطبہ** ندوۃ العلماء کے دو سیکر۔

۲۲۸- **مضامین عالمگیر**- از مولانا شبلی۔ شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے متعلق مخالف مؤرخوں نے جو غلط بیانیاں کی ہیں۔ اور جو الزامات قائم کئے ہیں۔ ان کی مؤرخانہ تحقیق و تنقید اور صحیح واقعات۔ قیمت .. .. .. .. ار

۲۲۹- **مقالات شبلی**- یعنی مولانا شبلی کے ان علمی۔ تاریخی اور مذہبی مضامین کا مجموعہ جو اب تک مدون نہیں ہوئے تھے۔ ۲۰۰ صفحات کاغذ اعلےٰ۔ قیمت - - عہ

۲۳۰- **دیوان شادمان**- یہ فارسی دیوان سلطان شادمان خان گکھڑ کی تصنیف ہے۔ جو حضرت صاحبقران شاہجہان کے عہد کے نامور شعراء سے تھا۔ بڑی مشکل سے ایک نسخہ سلطان جہانداد خان مرحوم رئیس گکھڑ نے بہم پہنچا کر چھپوایا تھا۔ قدر دانان کتب قدیمہ کے کتب خانوں کے لئے موجب زینت ہے۔ قیمت فی جلد .. .. .. .. .. عہر

۲۳۱- **دیوان حالی**- دیوان سے پہلے ۲۲۸ صفحے کا ایک نہایت مبسوط مقدمہ ہے۔ جس میں شاعری کی ماہیت اور اس کے حسن و قبح پر بحث کی گئی ہے۔ صدر اسلام کی شاعری سے ہر پہلو پر محققانہ نظر کی گئی ہے۔ قیمت .. .. .. .. .. عمر

Taj Tahir Foundation

**۲۳۲۔ مجموعہ نظم آزاد**۔ یہ کتاب پروفیسر آزاد کی اُن نظموں کا مجموعہ ہے۔ جن سے شاعری جدید کا آغاز ہوا۔ کہیں خلاقی مضامین کے گلہائے رنگا رنگ کا گلدستہ سجایا ہے۔ کہیں خیالی رنگ آمیزیوں سے موہوم کو حقیقت واقعی کر دکھایا ہے۔ پھول پتے اتنے ہی لگائے ہیں۔ جتنے اصل ٹہنیوں پر سجتے ہیں۔ نہ کہ شاخ و شجر سب غائب۔ نقطہ پتوں کا ڈھیر ہی رہجائے۔ وسعت خیال پرواز فکر۔ تازگی مضامین دیکھنے کے قابل ہے۔ ۱۲۰ صفحے قیمت - - - - - - - - - - ۸۰۰/

**۲۳۳۔ نیرنگ خیال**۔ پروفیسر آزاد کے قلم جادو رقم کے نکلے ہوئے مضامین جن سے مصنف نے رسوم و اخلاق کی صاف و شفاف تصویریں نرم کلام میں سجائی ہیں۔ جن میں ہماری قوم کے چہرے کے داغ دھبے سب نظر آتے ہیں۔ اور اُن مضامین کی آب تاثیر سے دھوئے جاتے ہیں ۱۲۰ صفحے قیمت - - - - - - - - ۱۷/

**۲۳۴۔ ریاضُ الاخلاق**۔ یہ نہایت کارآمد مضامین کا مجموعہ مرتبہ خان صاحب مرزا سلطان احمد صاحب اکسٹرا اسٹنٹ کمشنر۔ لڑکوں لڑکیوں و جوانوں۔ بوڑھوں۔ غرض ہر عمر کے آدمی کے لئے مفید ہے۔ اس کتاب سے مختلف مضامین پر دنیا کے دانش مندوں۔ تجربہ کاروں اور حکیموں کی رائیں معلوم ہو کر دنیا کی مشکلات میں رہبری ہوتی ہے ۲۵۰ صفحے - - - - - - - - - - ۱۰/

**۲۳۵۔ سراج الاخلاق**۔ نیکی اور بدی پر عالمانہ بحث۔ پاکیزگی۔ مقصد زندگی تعجب۔ غم و خوشی۔ تبادلہ خیالات تحسین و آفرین۔ دروغ مصلحت آمیز۔ ڈیوٹی۔ رعب۔ وفائے عہد۔ دیانت۔ غیرت۔ خودغرضی وغیرہ پر عالمانہ پڑھنے کے قابل قیمت صرف - - - - - - - - - - - - ۱۰/

**۲۳۶۔ مشیر باطن**۔ ہجوم خیالات اور طرح طرح کے اختلافات میں سب سے اچھا مشیر اور صلح کار آدمی کا اپنا دل اور دل کا اندرونی نور ہے۔ اس رسالہ میں اسی

نور ایمان کی بحث ہے۔ پڑھنے کے قابل کتاب ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۷ر

۲۳۷۔ **قوانین دولت**۔ اردو خوان طالب علموں کے سیاست مدن کا مختصر ابتدائی رسالہ۔ از خواجہ غلام الحسنین صاحب۔ مڈل کے طالب علم اسے سمجھ سکتے ہیں۔ نہایت کارآمد کتاب ہے قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴ر

۲۳۸۔ **المدنیۃ والاسلام**۔ علامہ مصری محمد فرید وجدی کی مشہور تصنیف کا ترجمہ۔ اسلامی تمدن و تہذیب پر نہایت بیش بہا کتاب پڑھنے کے قابل۔ نہایت عمدہ چھاپہ ولایتی کاغذ ۱۸۰ صفحے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

۲۳۹۔ **تہذیب الاخلاق**۔ یعنی اخلاقی مضامین ہندوؤں کی کتابوں سے۔ از شمس العلماء منشی محمد ذکاء اللہ ۱۵۲ صفحہ۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۶ر

۲۴۰۔ **مکارم الاخلاق**۔ اخلاقی مضامین مسلمانوں کی کتابوں سے۔ صفحات ۱۰۴ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲ر

۲۴۱۔ **محاسن الاخلاق**۔ اخلاقی مضامین انگریزی کتابوں سے۔ صفحات ۲۰۰ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

۲۴۲۔ **عقل و شعور**۔ کتاب کیا ہے۔ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے مفید اور کارآمد معلومات کا خزانہ ہے۔ اخلاق لطائف و ظرائف تاریخ و جغرافیہ۔ منطق حساب و ہندسہ۔ طبیعیات۔ شعبدات۔ قواعد فصاحت و بلاغت۔ صرف و نحو۔ عجائبات صنایع فوٹوگرافی۔ تار برقی کے حروف۔ مختلف اقسام طغرا وغیرہ سب کچھ اس میں درج ہے۔ قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲

۲۴۳۔ **آداب اہل مغرب**۔ اس کتاب میں منشی فقیر سید افتخار الدین صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر نے زمانہ کی ضرورت کو مد نظر رکھکر اہل فرنگ کے ساتھ ہندوستانیوں کے میل جول بڑھانے۔ کھلانے۔ پینے۔ دربار گارڈن پارٹی اور جلسوں میں شریک

Taj Tahir Foundation

ہونے کے آداب بیان کئے ہیں۔ کتاب مجلد ہے قیمت - - - - - - ۸ر

۲۴۴ - **القمر** - نام کو تو القمر یعنے چاند ہے۔ مگر اس میں دلچسپ اور سلیس طور پر تمام نظام شمسی کا حال دیا ہے۔ اور ایسی معلومات سے پُر ہے جو لڑکیوں کو ضرور حاصل کرنی چاہئیں۔ از مولوی سید راحت حسین بی اے۔ عمدہ چھاپہ۔ قیمت - - - - - - ۱۲ر

۲۴۵ - **سُورج چاند تارے** - اس کتاب میں سورج۔ چاند۔ تاروں۔ سیاروں۔ دُم دار تاروں۔ اور شہاب ثاقب یعنی ٹوٹنے والے تاروں کا بیان آسان زبان میں ہے۔ جسے علم ہیئت نہ جاننے والے بھی سمجھ سکیں۔ چھوٹی تقطیع کے ۳۰۴ صفحات۔ قیمت - - - - - - - - - - - - ۸ر

۲۴۶ - **عربی بول چال** - حصہ اول۔ مصنفہ حافظ عبدالرحمٰن امرتسری سیاح مصر و شام۔ جس میں روزمرہ کے کام اور بول چال کے نہایت کارآمد فقرے زمانہ حال کی عربی زبان میں دیئے ہیں۔ سامنے دوسرے کالم میں اُن کا اردو ترجمہ ہے۔ اور اخیر میں ۱۲۰۰ عربی لفظوں کی فرہنگ مع اردو ترجمہ لگی ہوئی ہے ۔ جو لوگ عربی اخبارات پڑھنے کا شوق رکھتے ہوں۔ اُن کے لئے عربی جدید سیکھنے کے واسطے نہایت مفید ہے۔ ولایتی کاغذ ۱۰۰ صفحے۔ قیمت - - - - - - - ۸ر

۲۴۷ - **عربی بول چال** - حصہ دوم - حصہ اول کے ڈھنگ پر ہے اس میں علاوہ بہت سے فوائد کے چھوٹی چھوٹی حکایتیں۔ مصر اور شام کے عربی اخباروں کے انتخاب۔ وہاں کے علماء اور تاجروں کے خطوط مع ترجمہ دیئے گئے ہیں۔ عربی اخبارات کے مطالعہ میں اکثر جدید الفاظ ملتے ہیں۔ جن کے معنے عام لغت کی کتابوں میں نہیں ملتے۔ اُن کے پڑھنے میں یہ کتاب بہت مدد دیتی ہے۔ ولایتی کاغذ ۱۲۶ صفحے۔ قیمت - - - - - - - - - - ۸ر

۲۴۸ - **کتاب الصرف** - عربی زبان کے علم صرف پر ایک نئی طرز کا رسالہ

جو پُرانی صرف کی کتابوں سے زیادہ آسان اور تمام ضروری مسائل پر حاوی ہے۔
مع امثلۂ مشقی و سوالاتِ امتحانی۔ از حافظ عبدالرحمٰن صاحب ۱۲۶ صفحے قیمت ۸ر

**۲۴۹۔ کتاب النحو۔** کتاب الصرف کے ڈھنگ پر عربی نحو کی کتاب۔ جو سات دفعہ چھپ چکی ہے۔ نہایت مفید۔ ۸۰ صفحے۔ قیمت - - - - - - - - ۵ر

**۲۵۰۔ سواء السبیل الیٰ معرفۃ المعرب والدخیل۔** یہ کتاب جناب نوما آرنلڈ صاحب بہادر سابق پرنسپل اورینٹل کالج لاہور نے جو مختلف علوم و فنون میں ماہر ہونے کے ساتھ اہلِ اسلام سے خاص ہمدردی رکھتے ہیں۔ نہایت محنت و جانفشانی سے مرتب کی ہے اور مزید آسانیاں حاصل کرنے کے لئے تمام معرب و دخیل الفاظ جو اجنبی زبانوں سے عربی میں آئے اور عربی جدید کی کتابوں اور اخباروں میں روزمرہ یا زمانہ قدیم کی عربی تصنیفات میں پائے جاتے ہیں۔ اُن کی اصلیت کے معلوم کرنے میں کوئی دقیقہ تحقیق کا باقی نہیں رکھا۔ کتاب کیا ہے علمی معلومات کا خزانہ ہے۔
قیمت - - - - - - - - - - - ع۸ر

**۲۵۱۔ سخندانِ پارس۔** اس کتاب میں بتلایا ہے۔ کہ دنیا میں زبانیں کس طرح پیدا ہوتی ہیں۔ کس طرح جیتی اور مرتی ہیں۔ فارسی حروف کا آغاز کیونکر ہوا۔ انہوں نے کیا کیا الٹے پلٹے کھائے۔ فارسی زبان اور سنسکرت میں کیا تعلق ہے۔ نہایت دلچسپ کتاب ہے۔ از شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد دہلوی۔ قیمت - - - ۱ر

**۲۵۲۔ علمُ اللِسان۔** یہ تین جُز کا رسالہ منشی سید احمد صاحب مصنف ارمغانِ دہلی و فرہنگ آصفیہ کی تصنیفات سے ہے جس میں یہ بتایا ہے کہ انسان کی زبان کس طرح بنی اور کس طرح رفتہ رفتہ حالت موجودہ پر پہنچی۔ یہ کتاب نہایت دلچسپ معلومات سے پُر ہے۔ قیمت - - - - - - - - - - - ۴ر

**۲۵۳۔ مصباح القواعد۔** یعنی صرف و نحو اردو کے مسائل پر بہترین تصنیف

Taj Tahir Foundation

جس کی تعریف انجمن ترقی اردو کے سکرٹری اور ممبروں نے بھی کی ہے۔ از مولوی فتح محمد خان۔ قیمت۔۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔۔ ۴ر

**۲۵۴۔ طبیب نسواں**۔ یہ کتاب ایک بڑے مستند ڈاکٹر کی تصنیف سے اخذ کرکے مرتب کی گئی ہے۔ اس کتاب کے لکھنے سے یہ غرض ہے کہ ہماری بے احتیاطیوں اور ناتجربہ کاریوں سے جو بہتیرے پھول سے بچے مرجھا کر رہجاتے ہیں۔ یا شیرخوار بچوں کی مائیں ہلاک ہو جاتی ہیں۔ سو اس کتاب کو پڑھکر اُن بچوں اور بچوں کی ماؤں کو ایسے نقصان نہ پہنچیں۔ اس کتاب کی عبارت نہایت آسان ہے۔ کہ ہر عورت سمجھ سکے۔ طرز بیان دلچسپ ہے۔ دوائیں عموماً ایسی تبلائی گئی ہیں۔ جو آسانی سے مل سکیں ہر بیاہی عورت کے پاس اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔ قیمت صرف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸ر

**۲۵۵۔ دائی**۔ از سلطان جہاں بیگم چنگیز خانی دہلوی۔ جب بال بچہ ہونے والا ہو۔ تو کیا کیا احتیاط کرنی چاہئے۔ زچہ خانہ کا انتظام۔ جاپا۔ مردہ بچہ کا نکالن۔ آنول نکالنا۔ مشکل صورتیں۔ پیپ گرنا وغیرہ باتیں پرانے ڈھنگ پر بہت سلیس سادہ زبان میں بیان کی گئی ہیں۔ ۴۰ صفحے کی کتاب۔ قیمت۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۸ر

**۲۵۶۔ آنکھ**۔ جس میں آنکھ کی بناوٹ۔ ضعف بصارت۔ آنکھوں کی تکان۔۔۔۔۔ قریب النظری۔ بعید النظری۔ استعمال عینک۔ اقسام عینک۔ انتخاب شیشہ۔ گکروں کی بیماری۔ آنکھوں کی حفاظت۔ ضروری امور متعلق روشنی۔ اچھا لمپ۔ حقہ نوشی و نسوار کا اثر وغیرہ مفید مضامین بہت تفصیل و تحقیق سے بیان کئے گئے ہیں۔ طالب علموں کے لئے نہایت ضروری۔ ۲۱۶ صفحے۔ قیمت۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ ر

**۲۵۷۔ رسالہ غذا**۔ غذا کی ضرورت۔ ہر روز کتنی غذا اور کس قسم کی غذا کھانی ضرور ہے۔ خاص کھانوں کا حال۔ از ڈاکٹر سید غلام حسین صاحب۔ ۱۳۲ صفحے قیمت۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲ر

۲۵۸- رسالہ بدہضمی - آلات ہضم کی تشریح اور افعال - بدہضمی کی اصلیت - اقسام - اسباب - علامات - علاج ہندی - یونانی اور ڈاکٹری تینوں طرح کا - از ڈاکٹر سید غلام حسین ۲۱۶ صفحے - قیمت - - - - - - - - - - ۱۲ر

۲۵۹- بچے کی تندرستی - بچوں کی صحت پرورش - نگہداشت کے متعلق نہایت بیش قیمت اور قابل قدر کتاب ہے - اس میں پیدائش سے لے کر سیلانے ہونے تک کی حالت کے متعلق تمام ضروری باتیں اور حفظ صحت کی تدبیریں درج ہیں - اور بچوں کے غسل - لباس - غذا - پلنگ - دودھ پلانے اور چھڑانے کے متعلق کوئی ایسی بات نہیں جو اُس میں نہ بیان کی گئی ہو - ایسی مفید کتاب کا ہر بال بچے والے گھر میں ہونا ضروری ہے - ضروری تصاویر بھی چسپاں ہیں - قیمت - - - - - ۱۰ر

۲۶۰- زنانہ حسن ولباس - یہ نئی کتاب ہے - حسن ولباس کی درستی و آراستگی پر اس میں نہایت مفصل بحث کی گئی ہے - اور مختلف ملکوں کی زنانہ تصویریں بھی شامل کردی گئی ہیں - جن سے کتاب کی رونق بہت زیادہ ہوگئی ہے - دو قسم کے کاغذ پر چھپی ہے - کاغذ دیسی ۱۰ر / کاغذ ولایتی قیمت - - - - - - للعہ

۲۶۱- رفیق بیماراں - جہاں ڈاکٹر یا حکیم نہ ملے - وہاں یہ کام دے گی - اس میں عام بیماریوں کی پہچان - اُن کے علاج - حفظ صحت - اور تیمارداری کے قاعدے از ڈاکٹر سید غلام حسین صاحب ۸۹۲ صفحے - قیمت - - - - - - - للعہ

۲۶۲- مخزن حکمت - یہ بھی رفیق بیماراں کی طرح ہے - اس میں یونانی نسخے بھی دیئے ہیں - اور زیادہ معلومات جمع کئے ہیں - لیکن یہ کتاب رفیق بیماراں سے کسیقدر مشکل ہے - نہایت خوب صورت جلد ہے - قیمت - - - - - - للعہ

۲۶۳- صحت النساء - اس میں عورتوں کے امراض - اُن کے طرز معاشرت - ایام معہودہ - ایام حمل کی احتیاطیں - تدبیر زچہ خانہ وغیرہ - سب ضروری امور دلچسپ قصے

Taj Tahir Foundation

کے پیرایہ میں لکھے ہیں۔ از ڈاکٹر سید غلام حسین صاحب۔ قیمت - - - - - ۶؍

۲۶۴۔ **تحفۃ النساء**۔ مصنفہ ڈاکٹر ح۔ س۔ حسن۔ لڑکی کی بلوغت۔ شادی۔ ایام حمل کے عارضے۔ زچگی کا بیان۔ وضع حمل۔ پرورش و حفاظت نومولود بچوں کے عارضی دانت نکلنے تک۔ چھوٹی تقطیع کے ۲۴۰ صفحے۔ قیمت - - - عہ

۲۶۵۔ **رسالہ تیمارداری**۔ بیمار کو کس طرح رکھنا چاہئیے۔ کس طرح دوا دی جائے کس طرح غذا۔ کس طرح بستر بدلا جائے۔ کیا کیا احتیاط ہو۔ یہ سب کچھ اس میں لکھا ہے ایک تجربہ کار ڈاکٹر کی کتاب کا اردو ترجمہ۔ قیمت - - - - - - ۸؍

۲۶۶۔ **رسالہ بیمارداری**۔ اسی قسم کا مختصر اور آسان رسالہ۔ قیمت - - - ۱۲؍

۲۶۷۔ **دافع طاعون**۔ یہ مختصر سا رسالہ مرض طاعون پر اردو زبان میں سب سے عمدہ تصنیف ہے۔ اس کے مصنف ڈاکٹر خان صاحب حافظ فضل احمد صاحب میڈیکل افسر متعینہ پلیگ ڈیوٹی عمرکھاڑی بمبئی سابق مہتمم شفاخانہ کیاماڑی واقع بندر کراچی ہیں۔ اس رسالہ میں ڈاکٹر صاحب موصوف نے نہ صرف علم طب کی رو سے داد تحقیق دی ہے۔ بلکہ اس مرض کی نہایت دلچسپ تاریخ بھی لکھی ہے۔ اس مرض کی بابت متقدمین و متاخرین کی رائیں۔ تشخیص مرض کے طریق۔ علامات۔ ڈاکٹروں کے مختلف مذاہب۔ مختلف قسم کے علاج اور روک تھام کی تدبیریں۔ غرض اس مرض کی بابت جو کچھ زمانہ حال میں تحقیق ہوا ہے۔ ان سب باتوں کا لب لباب اس رسالہ میں آگیا ہے۔ ۹۰ صفحے۔ قیمت صرف - - - - - ۸؍

۲۶۸۔ **سگھڑ بیوی**۔ یہ کتاب ایک میم نے لڑکیوں کے لئے تیار کی۔ اور سررشتہ تعلیم پنجاب نے لڑکیوں کی واقفیت علمی اور حفظ صحت کے لئے مفید و کارآمد پاکر اردو میں ترجمہ کرایا۔ اس میں یہ مضامین ہیں۔ گھر کا انتظام۔ ہوا پانی۔ حرارت۔ روشنی۔ رہنے کا مکان انسانی بدن۔ جان کا دریا۔ زندگی۔ سانس۔ ہضم غذا۔ آنکھیں۔ کان۔ دماغ۔ عقل۔ قیمت - - ۱۰؍

Taj Tahir Foundation

۲۶۹۔ رسالہ حفظ صحت۔ ۴۶ صفحے کی عمدہ چھپی ہوئی چھوٹی تقطیع کی کتاب ہے۔ جس میں پانی۔ ہوا۔ چیچک کے ٹیکے۔ ہیضے سے بچنے اور تندرستی کی چند اور ضروری باتوں کا بہت آسان عبارت میں ذکر ہے جسے بچے سمجھ سکیں۔ قیمت ۔ ار

۲۷۰۔ **طریق الصحت**۔ یہ کتاب لڑکے لڑکیوں کے واسطے ہے۔ اس میں بتایا ہے کہ کس طرح زندگی بسر کریں کہ تندرست رہیں۔ صاف ہوا۔ پاک غذا۔ روشنی لباس۔ ورزش۔ نیند۔ مکان۔ صفائی۔ سب ضروری باتوں کا ذکر ہے۔ جلنے۔ ڈوبنے چوٹ لگنے۔ بھڑ۔ بچھو۔ سانپ کے کاٹنے کے علاج۔ اور آخر میں امتحان کے لئے سوالات۔ ماں باپ یہ کتاب بچوں کو ضرور پڑھائیں۔ ۱۱۲ صفحے۔ قیمت ۔۔ ۲ ر

۲۷۱۔ **زندگی۔ روشنی اور صفائی**۔ ۲۱۵ صفحے کی چھوٹی تقطیع کی کتاب ہے۔ جو قصے کے طور پر لکھی گئی ہے۔ موسمی بخار۔ تپ دق۔ چیچک۔ ہیضہ۔ طاعون وغیرہ بیماریوں سے کس طرح بچاؤ ہو۔ کتا کاٹے تو کیا کریں۔ تندرست رہنے کی تدبیریں۔ گاؤں میں رہنے کے لئے گھر کیسا بنوایا جائے۔ بہت مفید کتاب ہے قیمت ۳؍

۲۷۲۔ **عورت کی صلاح کار**۔ کتاب کیا ہے۔ ماں کی مددگار اور بیوی کی نگہدار ہے۔ اس میں پہلے ہر طرح کی عام بیماریوں کا علاج ہے۔ پھر تیمارداری کا مفصل طریقہ بتایا ہے۔ پھر زچہ اور بچہ کی بیماریوں کے علاج بھی۔ نہایت تجربہ کار لیڈی ڈاکٹر کی لکھی ہوئی کتاب ہے جسے مسز سراج الدین صاحبہ تہذیب نسواں کی مشہور نامہ نگار خاتون نے اردو میں ترجمہ کیا۔ ۵۰۰ صفحے جلد بندھی ہوئی۔ قیمت ۔۔۔ عہ

۲۷۳۔ **حفظان صحت**۔ اپنی اور اپنے گھر کی۔ ایک تجربہ کار لیڈی ڈاکٹر کی لکھی ہوئی کتاب۔ جس میں انسانی بناوٹ کی تشریح۔ حفظ صحت۔ صفائی۔ مکان پانی۔ خوراک وغیرہ کی نسبت ہدایتیں۔ بیمارداری کے لوازم۔ بیماروں کی غذا۔ دوا۔ تدبیر۔ چھوت دار بیماریاں۔ ناگہانی آفتیں۔ چوٹ۔ خون جاری ہونا۔ غشی وغیرہ

Taj Tahir Foundation

کا علاج - نہایت عمدہ چھپی ہوئی - ۲۵۳ صفحے - چھوٹی تقطیع - قیمت ...... ۱۲؍

**۲۷۴ - ھدایت نامہ دائیان ہند** - ڈاکٹر جے این مکرجی صاحب ایل ایم - ایس کی مشہور کتاب جو پہلے بنگالی میں تھی - اور لاکھوں جلدیں بکیں - اب اُردو میں شایع ہوئی ہے - زچہ اور بچہ کی بیماریوں کے علاج و تدبیریں - عمدہ چھپی ہوئی ۲۲۴ صفحے - قیمت ...... عہ؍

**۲۷۵ - علاج الغرباء** - اس میں ہر مرض کے لئے ایسی سستی سستی بازاری یونانی دوائیں اور جڑی بوٹی چٹکی وغیرہ لکھی ہیں - جو پیسے دھیلے بلکہ کوڑیوں میں مل جائیں - گھر میں وقت بے وقت کے لئے ایسی کتاب کا ہونا بھی ضروری ہے خانی کاغذ ۵۰ صفحے - قیمت ...... ۸؍

**۲۷۶ - فلسفہ تعلیم** - حکیم ہربرٹ سپنسر کی انگریزی بے نظیر کتاب کا اردو ترجمہ جو انجمن ترقی اردو نے کرایا - نہایت عمدہ چھاپہ ۳۰۰ صفحے ...... ۱۲؍

**۲۷۷ - گلزار نونہال** - یعنی تعلیم اطفال بہ طریق کنڈر گارٹن معہ تصاویر - آج یورپ و دیگر شائستہ ممالک میں کنڈر گارٹن سسٹم کا بڑا رواج ہے - یہ نیا طریق تعلیم کی تعلیم ہے - اور کھیل کا کھیل - یہ کتاب لالہ خزان چند صاحب چاولہ بی - اے اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس امرتسر نے مرتب کی ہے - اور پانسو سے زیادہ تصویریں اس میں شامل کی گئی ہیں - لکھائی چھپائی نہایت عمدہ - قیمت فی جلد عہ؍

**۲۷۸ - زیاد اور حلاوہ** - مولوی عبد الحلیم صاحب شرر کا مشہور ناول جس میں اُس زمانہ کا قصہ ہے - جب اہل اسلام کا نیر اقبال عروج پر تھا - اور ہسپانیہ میں اُن کی حکومت کا ڈنکا بج رہا تھا - شروع کر کے چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا - قیمت عہ؍

**۲۷۹ - حسن بن صباح** - یہ کتاب حسن بن صباح کے دلچسپ کارنامے اور فرقہ اسماعیلیہ و باطنیہ کے مفصل و مشرح حالات اور سلطنت التمونت کی تاریخ

ہے۔ از شرر۔ قیمت ... ... ... ... ... ۶ر

**۲۸۰- یوسف اور نجمہ حصہ اوّل**۔ یہ ناول ایک بچے کا قصہ ہے جس کے والدین کو سفر میں ڈاکوؤں نے مار ڈالا تھا۔ اُس بچے کو جس کا نام یوسف تھا۔ ایک سپاہی جنگل میں سے اُٹھا کر اپنے گھر لے گیا۔ وہ اور اُس کی بیوی اُسے نہایت محبت سے رکھتے تھے۔ یوسف اور نجمہ میں جو اُسی گھر میں ایک خورد سال بچی تھی۔ بہت محبت ہو گئی تھی۔ دونوں ایک جگہ کھیلا کرتے تھے۔ شہر میں کچھ ایسا فساد برپا ہوا کہ اُس شخص کو اپنے گھر سے نکلنا پڑا۔ عورتیں اور بچے بھی رات کے وقت گھر سے جنگل بیابان کو نکل پڑے۔ اور طرح طرح کی مصیبتوں میں گرفتار ہوئے۔ قصہ دردناک ہے۔ از شرر۔ قیمت صرف ... ... ... ... ... ۱۰ر

**۲۸۱- فلورا فلورنڈا**۔ اس ناول کے لکھنے سے قابل مصنف کا یہ مقصود ہے کہ اس عہد کی مسیحیت پر سے جبکہ ہسپانیہ عظمےٰ میں مسلمانوں کی حکومت تھی۔ پردہ اٹھا کے مسیحیت کی اصلی صورت دکھلائی جاوے۔ قصے کے سب واقعات تاریخی ہیں جن کو مصنف نے نہایت دلفریب طریق سے مرتب کر کے ازبس دلچسپ قصہ بنایا ہے۔
اس قصہ سے حیرت ہوتی ہے۔ کہ اُس زمانے میں مذہب کی تائید و تقویت کن ذلیل کوششوں اور شرمناک کارروائیوں سے کی جاتی تھی۔ اور کلیسیا کے مخفی عزلت کدوں میں کیا کیا سیاہ کاریاں ہوا کرتی تھیں۔ از مولنا شرر۔ قیمت ... ... ... عہ

**۲۸۲- ایام عرب**۔ یہ نہایت دلچسپ تاریخی ناول ہے جس میں عرب کی جاہلیت کے حالات اور وہاں کے بادیہ نشینوں کے رسم و رواج عجب دلچسپی اور لطف کے ساتھ ایک سچے قصے کے ساتھ منسلک کئے گئے ہیں۔ جو لوگ اہل عرب کے قدیم حالات سے واقف ہونے کی خواہش رکھتے ہیں اُن کو اردو زبان میں اس سے بہتر کوئی اور عمدہ کتاب اس مضمون کی نہیں مل سکتی۔ از مولوی عبدالحلیم صاحب شرر قیمت عہ

**۲۸۳ تاریخ عرب قدیم** - جس میں عرب کی قدامت - وہاں کا تمدن - طسم - جدیس - عاد و ثمود کی تاریخ - تمدن یمن - سبا - تبابعہ کی سلطنتیں - عربی سلطنتیں عراق - ایران - مصر و ہندوستان میں - قدیم سامی زبانیں - اور قدیم عربی عمارتیں وغیرہ مضامین تحقیق کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں - از مولوی عبداللہ العمادی - ۱۰۸ صفحے - - - - - - - - - ۸ر

**۲۸۴ غذائے انسانی** - جس میں از روے علم تشریح جسم انسانی و افعال الاعضاء یہ ثابت کیا ہے کہ انسانی غذا میں گوشت بھی داخل ہے - اور جو لوگ انسانی غذا کو صرف نباتات میں محدود کرتے ہیں - وہ غلطی پر ہیں - از مولوی عبدالماجد کیننگ کالج لکھنؤ - ۳۵ صفحے - - - - - - - ۲ر

**۲۸۵ مسلمان عورتوں کی بہادری** - جن نامور مسلمان خواتین نے عہد اسلامی میں معاملات ملکی میں حصہ لیا اور شجاعت و قومی ہمدردی کے اعلیٰ نمونے پیش کئے اُن کے چند مشہور واقعات و تواریخ - از مولوی سید سلیمان پروفیسر ندوہ لکھنؤ - ۳۶ صفحے - - - - - - - ۱ر

**۲۸۶ تعلیم نسوان** - جس میں ضرورت تعلیم کے علاوہ نصاب تعلیم - اور پردہ کی بحث بھی ہے - از شیخ مشیر حسین قدوائی بیرسٹرایٹ لا - ۱۶ صفحے - - ۲ر

**۲۸۷ صلہ رحم** - اپنے عزیزوں و قرابت داروں کو مدد دینے کے ثواب و فضایل مع مشہور نظم اخوت - از مولوی عبدالحی - ندوۃ العلماء لکھنؤ - ۲۱ صفحے - ۲ر

**۲۸۸ زیب النسا بیگم** - جس میں اس نامور خاتون کے مختصر واقعات زندگی کا ذکر ہے - اور اس کے اخلاق پر جو غلط اعتراض مشہور ہیں - ان کی تردید کی گئی ہے از مولانا شبلی ۱۶ صفحے - - - - - - - ۱ر

**۲۸۹ صناعۃ العرب** - قدیم اہلِ عرب کی دستکاریوں - کلوں - ایجادوں

Taj Tahir Foundation

کا ذکر۔ مثلاً اختراعات آلات جنگ۔ صنعتی کارخانے۔ گھڑیاں۔ اسطرلاب آلات جرثقیل۔ مصنوعی چاند۔ ایک آلہ جو خود بخود بولتا تھا۔ آئینہ عجائب نما۔ خود چلنے والی چکی۔ طلسمی پیالہ۔ بولنے والی چڑیا۔ طلسماتی درخت۔ گھنٹہ گھر۔ ہوائی جہاز کا خیال۔ سونے کا درخت۔ نظام شمسی مصنوعی وغیرہ کی تشریح۔ از مولوی عبداللہ العمادی ۵۲ صفحے۔ قیمت ۳؍

**ہندو رانیاں**۔ ہندوستان کے نامور ہندو رانیوں مثلاً اہلیا۔ گارگی تارا۔ سیتا۔ سکنتلا۔ کنتی۔ دروپدی۔ گندھاری۔ لیلاوتی۔ پدمنی۔ کولادیوی رانی کرونارت وغیرہ ۴۲ رانیوں کے دلچسپ حالات درج ہیں۔ ۱۱۶ صفحے قیمت ۸؍

**بشارت فاطمہ**۔ ایک عیسائی خاتون نے پادریوں سے بحث مباحثے کرنے کے بعد کس طرح دین اسلام قبول کیا۔ عیسائی دین اسلام پر کیا کیا اعتراض کرتے ہیں۔ اور اہل اسلام ان کا جواب کس کس طرح دیتے ہیں۔ اس مطلب کی سب سے اچھی اور دلچسپ کتاب مستورات کے لئے ۵۰ صفحے قیمت ۴؍

**فلسفۃ القرآن**۔ بائبل کا اختلاف قران مجید سے اور اس کا سبب۔ قرآن فلسفہ کا موجد ہے۔ کرے کیوں کر پیدا ہوئے۔ اجزاء معدوم نہیں ہوتے ہیں۔ عالم بہت سے ہیں۔ آفرینش عالم نظام شمسی کیونکر ہوئی۔ عناصر روشنی کی حقیقت اور قرآن۔ فضائے آسمانی کی نسبت تحقیق اہل یورپ۔ قرآن کا فیصلہ وغیرہ دلچسپ بحثیں۔ از مولانا عبداللہ العمادی ۱۳ صفحے قیمت ۲؍

**روح کی بیداری**۔ یہ کتاب جو ایک حکیمانہ عربی تالیف کا ترجمہ ہے نہایت پر لطف قصہ ہے۔ حی ابن یقظان پیدا ہوتا ہے۔ ماں اسے سمندر میں ڈالتی ہے۔ موجیں خشکی پر پھینک دیتی ہیں۔ ایک ہرنی اس بچے کو دودھ پلاتی اور پالتی ہے۔ وہ بچہ جانوروں کی بولی سیکھتا ہے۔ وحشیوں کا مقابلہ۔ کھانوں

Taj Tamir Foundation

کا لباس۔ ہرنی کی موت۔ ہرنی کا دفن۔ ہم جنس کی تلاش۔ آگ کا پیدا کرنا۔ ایک ہمجنس کا اس ذخیرہ میں آنا۔ اور حق سے ملنا وغیرہ حالات نہایت دلچسپ ہیں۔ اس کتاب کا ترجمہ عربی سے یورپ کی ہر زبان میں ہوا ہے۔ ترجمہ مولوی فدا علی ایم اے۔ ۴۳ صفحے قیمت ۴ر۔

**راکھ بیگم**۔ نظم میں ایک غریب یتیم لڑکی کا قصہ ہے۔ جسے سوتیلی ماں بہت ہی ستاتی تھی۔ اور اس سے اپنے بچوں کی خدمت کراتی تھی۔ آخر ایک پری نے راکھ بیگم پر ترس کھایا۔ اور ایک شہزادے سے اس کی شادی کروی بہت دلچسپ اور آسان اُردو نظم ہے۔ بچوں کے پڑھنے کے۔ از ماسٹر سید معین الدین صاحب شاہ جہان پوری۔ ۱۶ صفحے قیمت ار

**نوشتہ تقدیر**۔ یہہ ایک فالنامہ ہے۔ کسی انگریزی کتاب کا ترجمہ۔ جو لوگ فالوں پر یقین رکھتے ہیں۔ وہ اپنی زندگی کے ہر معاملہ کے مثلاً بیماری۔ عقد امتحان شادی۔ سوداگری۔ سفر۔ عمر۔ فتح۔ شکست۔ چوری۔ گم شدہ مال وغیرہ کے نتائج اور اپنی قسمت کا فیصلہ آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ۷۵ صفحے کاغذ پتلا مطبوعہ پیسہ اخبار قیمت ۷ر

**صحت الاطفال**۔ چھوٹے بچوں کی صحت قایم رکھنے کی تدابیر اور بچپن کی بیماریوں کے علاج۔ انگریزی کتاب کا ترجمہ۔ ۱۰۷ صفحے۔ کاغذ پتلا مطبوعہ پیسہ اخبار قیمت ۱۰ر

**ترکی کی مسلمان عورتیں**۔ ترک۔ البانی۔ کرد۔ چرکس۔ تاتاری وغیرہ اقوام کے عورتوں کی رسوم اور دلچسپ حالات معاشرت۔ انگریزی کتاب کا ترجمہ کاغذ پتلا مطبوعہ پیسہ اخبار۔ ۲۴۵ صفحے قیمت عہ

**تربیت اولاد**۔ تربیت اولاد پر حکیمانہ بحث اور بچوں کے جسمانی اور

اور اخلاقی عزم پرداخت کے سہل اور کارآمد ترکیبیں۔ والدین کے لئے نہایت اچھا رہنما۔ ۹۲ صفحے قیمت ۴ر

**موتیوں کی کان** ۔ یعنے زمانہ گذشتہ کے نامور بادشاہوں حکیموں شاعروں عالموں۔ اور مشایخ کے بیش بہا اور قابل نصیحتیں جو بڑی جانفشانی کے ساتھ بہت سی کتابوں میں سے منتخب کی گئیں۔ از محترمہ بدر النساء (لدھیانہ) ۳۲ صفحے قیمت ۴ر

**اصلاح** ۔ عزیز و اقارب کے ساتھ سلوک کرنے اور انہیں مدد دینے کا ثواب از روئے قرآن و حدیث از مولوی عبدالحی۔ ۲۴ صفحے قیمت ۲ر

**حکایات الصالحین** ۔ بزرگان دین کے نیکیوں کی کہانیاں۔ اور اعلےٰ اخلاقی خوبیوں کی مثالیں۔ ۱۲۰ صفحے قیمت ۸ر

**دمشق** ۔ شہر دمشق قدیم کی تاریخ مختلف سلطنتوں اور خلافتوں میں اسکی عمارتوں۔ باغات۔ نہروں اور قدرتی مناظر کا جو دنیا کی بہشت کہلاتی ہے۔ مفصل دلچسپ تذکرہ۔ از خواجہ محمد عباد اللہ اختر۔ بی۔ اے۔ امرتسر۔ ۳۰۹ صفحے قیمت عہ ر

**تاریخ التاریخ** ۔ علم تاریخ کو اہل اسلام نے کس بلندی پر پہنچایا۔ اسلامی تاریخی کارناموں کا لبّ لباب از مولوی محمد مرتضیٰ صاحب۔ ۴۷ صفحے قیمت ۳ر

**اخلاق محمدی** ۔ اس کتاب میں اسلامی اخلاق اور طرز معاشرت کے متعلق صحیح آیات و روایات جمع کی گئی ہیں۔ جن سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عہد نبوی کے مسلمان کیا اوصاف رکھتے تھے۔ اگر مسلمان اس طرز معاشرت کو پھر حاصل کریں تو وہ دنیا کی مہذب ترین اقوام میں داخل ہو سکتے ہیں ایک کالم میں اصل آیات و احادیث ہیں دوسرے میں ان کا سلیس

اردو ترجمہ ہے۔ ۴۵ صفحے قیمت ۴؎

**المقبول۔** یعنے مولوی محمد مقتدی خان شبروانی کے متفرق پچاس نہایت دلچسپ اور کارآمد مضامین کا مجموعہ مثلاً بچوں کی نیند۔ مریخ کے ساتھ گفتگو۔ ایک نیا چاند۔ عیادت۔ جانوروں کی بولی۔ اعتدال۔ اوراے قبر کے پیغامات۔ سب پڑھنے کے قابل مضامین ہیں ۲۰۰ صفحے قیمت ۱۲؍

**سیاحت حبیب۔** حضور امیر حبیب اللہ خان امیر افغانستان کا مکمل سفر نامہ کس طرح اور کہاں کہاں آپ نے سیر فرمائی۔ اسی کے ساتھ افغانستان کا مختصر جغرافیہ ودیگر تاریخی حالات بھی درج کئے ہیں۔ ۲۳۰ صفحے۔ قیمت ۸؎

**القرض۔** قرض لینے دینے کے باب میں نہایت کارآمد نصیحتیں۔ اور تباہی سے بچنے کی تدبیریں راہ نمائے کفایت شعاری۔ چھوٹی تقطیع ۸۰ صفحے۔ قیمت ۲؍

**تندرستی۔** علیا حضرت سلطان جہاں بیگم صاحبہ بھوپال کی تصنیف۔ حفظ صحت کی بہترین کتاب۔ نہایت عمدہ چھپی ہوئی ہے۔ ۱۵۰ صفحے۔ قیمت ۸؍

**بچوں کی پرورش۔** یہ بھی حضور ممدوحہ کی تصنیف ہے۔ بچوں کی بیماریاں اور ان کا علاج۔ ۳۱۵ صفحے۔ قیمت ۱۲؎

**تربیت الاطفال۔** تصنیف حضور ممدوحہ۔ بچوں کی تربیت اور اچھی اٹھان کے لئے یہ کتاب نہایت ہی مفید ہے۔ ۱۴۷ صفحے۔ قیمت ۸؍

**سیاحت سلطانی۔** یہ حضور ممدوحہ کے سفر یورپ۔ لندن۔ پیرس۔ قسطنطنیہ وغیرہ کے نہایت دلچسپ حالات ہیں۔ جو آپ کی گرامی قدر ہونے جو شریک سفر

نھیں مرتب کیا۔ قیمت مجلد عہ

**ہدایات تیمارداری** ۔ انگریزی ڈھنگ پر خواتین کے لئے تیمارداری کی بہترین ہدایتیں ۲ر

**پاتال کی سیر** ۔ ایک عالم زمین کے اندر کا حال معلوم کرنے کے لئے نہایت عجیب حکمت سے پاتال میں پہنچا۔ اس نے کیا کیا عجائبات دیکھے۔ ان کا بیان۔ نہایت دلچسپ کتاب ہے ۔ ۲۸۰ صفحے ۔ قیمت عہ

**سمندر کی سیر** ۔ ایک عالم سمندر کی تہ میں پہنچا۔ اور بڑے بڑے خطروں میں پھنسا اور بے انتہا دلچسپ حالات دیکھ کر واپس آیا۔ بے حد دلچسپ کتاب ہے۔ حصہ اول ۲۵۸ صفحے ۔ قیمت عہ۔ حصہ دوم ۳۳۶ صفحے ۔ قیمت عہ۔

**اتالیق نسواں حصہ اول** ۔ لڑکیوں کے لئے حساب ۔ قیمت ۸ر

〃 〃 〃 دوم ۔ کھانا پکانا ۔ ۱۷۶ صفحے ۔ قیمت ۱۲ر

〃 〃 〃 سوم ۔ سینا پرونا ۔ ۱۴۰ صفحے ۔ قیمت ۸ر

〃 〃 〃 چہارم ۔ انشاء و مضمون نگاری ۔ ۱۰۴ صفحے ۔ قیمت ۶ر

〃 〃 〃 پنجم ۔ مصوری ۔ نقاشی ۔ ۱۰۰ صفحے ۔ قیمت ۶ر

〃 〃 〃 ششم ۔ کپڑے رنگنا اور چھاپنا ۔ ۶۲ صفحے ۔ قیمت ۴ر

〃 〃 〃 ہفتم ۔ گوٹا کناری ٹانکنا ۔ ۸۰ صفحے ۔ قیمت ۵ر

〃 〃 〃 ہشتم ۔ کڑھت و چکن دوزی ۔ ۱۸۴ صفحے ۔ قیمت ۱۰ر

〃 〃 〃 نہم ۔ تشریح جسم انسان و متفرق مضامین مفیدہ ۔ ۱۰ر

〃 〃 〃 دہم ۔ انتظام خانہ داری ۔ ۱۷۶ صفحے ۔ قیمت ۱۲ر

بیبیوں کی پہلی کتاب (سلسلہ خانہ داری) ۔ ۴۴ صفحے ۔
〃 دوسری 〃 ۶۴ صفحے ۔
〃 تیسری 〃 ۸۱ صفحے ۔
〃 چوتھی 〃 ۶۱ صفحے ۔
چاروں حصوں کی قیمت ۱۲ر

Taj Tahir Foundation